ABC Certified
Weekly MASAEL Quetta
مسائل آپ کے اجاگر ہم کرینگے
ہفت روزہ
مسائل کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
غضنفر محمد کھیتران
03136823946
masaelqta@gmail.com
www.weeklymasaelquetta.com
جلد نمبر 23 | 8 جنوری تا 14 جنوری 2020ء | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 2

کوئٹہ مسجد میں بم دھماکہ 15 افراد شہید 20 زخمی

دھماکے سے مسجد کے شیشے ٹوٹ گئے اور ہر طرف خون ہی خون نظر آرہا تھا قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لیکر اردگرد کا علاقہ خالی کروالیا

سول ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی وزیراعلیٰ جام کمال کی دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (مسائل نیوز) کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن کی مسجد و مدرسہ میں دھماکے سے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (ڈی ایس پی)، امام مسجد سمیت 15 افراد جاں بحق اور 19 زخمی ہوگئے، صدر، وزیراعظم، چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، سپیکر و ڈپٹی سپیکر، وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر داخلہ کی دھماکے کی شدید مذمت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن کی مسجد و مدرسہ میں دھماکے سے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (ڈی ایس پی)، امام مسجد سمیت 15 افراد جاں بحق اور 19 زخمی ہوگئے۔ دھماکا سیٹلائٹ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

پارلیمنٹ افواج پاکستان کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے، نور محمد دمڑ

آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی مخالفت کرنیوالوں کا سینٹ و قومی اسمبلی میں آٹے میں نمک کے برابر حیثیت بھی نہیں رکھتے



ہرنائی (مسائل نیوز) بی اے پی کے رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے قومی اسمبلی اور سینٹ سے آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی دونوں ایوانوں سے بھاری اکثریت منظوری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ نے آج ثابت کردیا کہ وہ افواج پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے انہوں نے آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی قومی اسمبلی، سینٹ سے منظوری پر تمام سیاسی جماعتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملکی تحفظ سے متعلق اہم قانون سازی پر سیاسی..... (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

موجودہ حکومت صحت مند اور تعمیری تنقید کا ہمیشہ خیر مقدم کرتی ہے، لیاقت شاہوانی

وزیراعلیٰ جام کمال کی قیادت میں موجودہ حکومت صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے دن رات کام کررہی ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال کی قیادت میں موجودہ حکومت صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے دن رات کام کررہی ہے۔ اور وزیراعلیٰ کے وژن کمٹمنٹ اور بہترین حکمت عملی کے باعث حکومتی اقدامات کے نتائج بھی سامنے آرہے ہیں۔ انھوں نے اسپیکر صوبائی اسمبلی میر قدوس بزنجو کے ایک حالیہ سوشل میڈیا انٹرویو پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صحت مند اور تعمیری تنقید کا ہمیشہ خیر مقدم کرتی ہے۔ لیکن حکومت کے اقدامات..... (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

دہشتگرد ملک میں بدامنی پھیلانے کی کوششیں کررہے ہیں

قوم دشمن کی ناپاک سازشوں کیخلاف متحد ہے

صدر وزیراعظم

جن لوگوں نے مسجد میں بے گناہوں کو نشانہ بنایا ہے وہ کبھی بھی سچے مسلمان نہیں ہوسکتے، آرمی چیف جنرل قمر باجوہ کی مذمت

دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعظم عمران خان وزیراعلیٰ بلوچستان سے دھماکے کی رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (مسائل نیوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد ملک میں بدامنی پھیلانے کے لئے کوششیں کررہے ہیں، قوم دشمن کی ناپاک سازشوں کے خلاف متحد ہے، وزیراعظم عمران خان نے بھی قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے زخمیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت..... (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

راولپنڈی (مسائل نیوز) چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کوئٹہ کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن کی مسجد میں بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسجد میں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانے والے کبھی بھی سچے مسلمان نہیں ہوسکتے۔ جمعہ کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف نے کوئٹہ کی مسجد میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جن لوگوں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

نوشہرہ، وزیراعظم عمران خان منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

عوام کی بلاتفریق خدمت جمعیت علمائے اسلام کے اولین ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) جمعیت علما اسلام کے پارلیمانی لیڈر اور بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرینگے عوام کی بلاتفریق خدمت جمعیت علمائے اسلام کے اولین ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اکبر حسین درانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات تعینات

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اکبر حسین درانی کو سیکرٹری اطلاعات ونشریات تعینات کردیا اطلاعات کے مطابق کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس..... (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

عدالتوں میں جوڈیشل آفیسرز کی تعیناتی کیلئے اوپن میرٹ ہے، جمال مندوخیل

عدلیہ میں کوئی کوٹہ نہیں ہوتا وکلاء آئیں اور اپنی قابلیت کی بنیاد پر جوڈیشل آفیسر تعینات ہوجائیں

لسبیلہ (مسائل نیوز) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عدلیہ کی بہتری کیلئے پہلے بھی حکومتی تعاون رہا ہے اور امید ہے کہ آئندہ بھی حکومت اس سے انکار نہیں کرے گی کیونکہ عدلیہ کا فعال کردار ہی معاشرے میں فوری اور سستے انصاف کا واحد ذریعہ ہے..... (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

حکومتی اتحادی اور اپوزیشن سینیٹرز کا بلوچستان کو گیس کی عدم فراہمی پر احتجاج

وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان کی حسب معمول مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی سابق حکومتوں پر شدید تنقید

چیئرمین سینیٹ کے سامنے دھرنا دے کر بیٹھ گئے سینیٹر سرفراز بگٹی کا واک آؤٹ حکومت کی جانب سے یقین دہانی پر دھرنا ختم

اسلام آباد (مسائل نیوز) سینیٹ اجلاس میں حکومتی اتحادی اور اپوزیشن سینیٹرز نے بلوچستان کے علاقوں کو گیس کی عدم فراہمی پر شدید احتجاج کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ کے ڈائس کے سامنے دھرنا دے دیا، جبکہ سینیٹر سرفراز بگٹی نے واک آؤٹ بھی کیا، تاہم حکومت کی یقین دہانی پر دھرنا ختم کردیا گیا، چیئرمین سینیٹ نے پیپلز پارٹی سینیٹرز کی جانب سے گیس کی شدید قلت کا سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس قائمہ کمیٹی کے سپرد کردیا، جبکہ وزیر توانائی عمر ایوب خان نے ایک بار پھر ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی سابقہ حکومتوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دس سال میں کوئی تیل کے کنویں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

عوام کی بلاتفریق خدمت جمعیت علمائے اسلام کے اولین ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) جمعیت علما اسلام کے پارلیمانی لیڈر اور بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرینگے عوام کی بلاتفریق خدمت جمعیت علمائے اسلام کے اولین ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اکبر حسین درانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات تعینات

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اکبر حسین درانی کو سیکرٹری اطلاعات ونشریات تعینات کردیا اطلاعات کے مطابق کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس..... (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ملک اور صوبے کو آگے بڑھانے کے لئے طرز فکر اور طریقہ کار کو تبدیل کرنا ہوگا جام کمال

اتھارٹی اور کمیٹیوں کا قیام یقیناً مسائل کا حل نہیں، اگر ادارے ٹھیک کام کریں تو کمیٹیاں بنانے کی ضرورت ہی نہ پڑے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

نئی تحصیلوں، اضلاع اور ڈویژنوں کے قیام سے مالی اور انتظامی امور کی انجام دہی میں بہتری آئے گی اور عوام کو تعلیم، صحت اور شہری سہولتیں ان کے علاقوں میں دستیاب ہوسکیں گی

کوئٹہ (مسائل نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے اعلیٰ سطحی اجلاس میں ضلع قلعہ عبداللہ، ضلع پشین اور ضلع کوئٹہ کو مزید اضلاع میں تقسیم کرنے اور کوئٹہ ڈویژن کی تقسیم کے تحت علیحدہ ڈویژن کے قیام کی تجویز کا جائزہ لیا گیا، کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اجلاس کو تجویز پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی، صوبائی مشیر ملک نعیم بازئی، پارلیمانی سیکریٹری بشریٰ رند، اراکین صوبائی اسمبلی ہمین خان علی اور شاہینہ کاکڑ، چیف سیکریٹری بلوچستان فضیل اصغر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکریٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس..... (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان صرف امن میں حصہ دار بن سکتا ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مسائل نیوز) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کسی دوسرے ملک کے خلاف اپنی سرزمین استعمال ہونے کی اجازت..... (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

بارشوں اور برفباری سے متاثرہ خاندانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑینگے، قائم لاشاری

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے سومیار کے روز برفباری سے متاثرہ تحصیل برشور کا تحصیلی دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

عوام کی خدمت سے ذہنی سکون ملتا ہے، مٹھا خان کاکڑ

عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیح ہے، صوبائی مشیر لائیو اسٹاک

اسلام آباد (خ ن) صوبائی مشیر وزیراعلیٰ برائے لائیو اسٹاک مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ میں عوامی نمائندہ ہوں اور عوام کی خدمت پر یقین رکھتا ہوں عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عوام کی خدمت سے ذہنی سکون ملتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں بلوچستان کے مختلف وفود اور طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے کہا صوبائی مشیر نے کہا کہ صحت تعلیم پانی اور دیگر تر قیاتی منصوبے عوام کی امانت ہے۔ اس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں ہوگی صوبائی حکومت نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں صوبے میں صحت، تعلیم اور پانی کو جمع کرنے کے لئے مختلف پراجیکٹس شروع کیے جس سے عام لوگوں کو فوائد..... (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

مشرف غداری کیس، لاہور ہائیکورٹ نے خصوصی عدالت کی تشکیل کالعدم قرار دیدی

لاہور (مسائل نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے سابق صدر پرویز مشرف کو سزائے موت کا فیصلہ سنانے والی خصوصی عدالت کی تشکیل کو غیر آئینی..... (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

حکومت متاثرہ خاندانوں کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان کرے، یعقوب ناصر

لورالائی (مسائل نیوز) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سیڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد..... (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

راولپنڈی، آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے آسٹریلیا کے وزیر دفاع ملاقات کررہے ہیں

ملک دشمن عناصر قوتیں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی نہیں چاہتے صوبائی وزراء

اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے بم دھماکے کرکے بے گناہ اور نہتے انسانوں کی قتل عام کی جارہی ہے

سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانا قابل مذمت عمل ہے سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کے باعث آج صوبے میں امن قائم ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان کے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی نے کوئٹہ کے علاقے میکانگی روڈ میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک دشمن عناصر قوتیں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی نہیں چاہتے اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے بم دھماکے کرکے بے گناہ اور نہتے انسانوں کی قتل عام کی جارہی ہے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر..... (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

گیس بجلی پانی وصحت کے مسائل حل کی ضرورت ہے، عبدالحق ہاشمی

حکمرانوں کو بلوچستان کے تمام مین شاہراہوں کو فی الفور دورویہ کرنا چاہیے

کوئٹہ (مسائل نیوز) جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ کوئٹہ کراچی سڑک کو دورویہ کرنے تک ٹریفک حادثات ختم نہیں ہوسکتے حکمرانوں کو بلوچستان کے تمام مین..... (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

گیس فراہم نہیں کی جارہی تو بل لینے کا کوئی حق نہیں ہے، علی مدد جتک

کوئٹہ (مسائل نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر میر علی مدد جتک نے کوئٹہ اور اردگرد نواح میں برفباری کے بعد بجلی کی..... (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

بیروزگاری اور مہنگائی کے طوفان نے عوام کا جینا محال کرچکا ہے، ستار چشتی

فرسودہ نظام نے ملک کو غربت مہنگائی بے روزگاری اور بدامنی کی دلدل میں دھکیل دیا

کوئٹہ (مسائل نیوز) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی کنوینئر مفتی شفیع الدین حاجی عبیداللہ حقانی حاجی حیات اللہ کاکڑ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلوچستان حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان کوئی اختلافات نہیں ہیں، میر عمر جمالی

کوئٹہ (مسائل نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر..... (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

سبزل روڈ پر گیس بھر جانے سے دھماکہ 5 افراد جاں بحق

واقعہ ایک گھر میں ہوا جاں بحق ہونے والوں میں میاں بیوی اور تین بچے شامل ہیں

کوئٹہ (مسائل نیوز) کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ پر گیس میں بھر جانے سے دھماکہ جس کے نتیجے میں میاں بیوی بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہوگئے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ پر ایک گھر کے کمرے میں گیس بھر جانے کے باعث دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں میاں بیوی تین بچوں سمیت جاں بحق ہوگئے لاشوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء..... (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ میں شدید برف باری کے بعد ایئرپورٹ پر پی آئی اے کا جہاز رن وے پر پھنس گیا

کوئٹہ (مسائل نیوز) کوئٹہ میں شدید برف باری کے بعد ایئرپورٹ پر پی آئی اے کا جہاز رن وے پر پھنس گیا۔ فلائیٹ پی کے 363..... (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بلوچستان میں 3 روز کے دوران بارشوں برفباری کے باعث 22 افراد جاں بحق 28 زخمی

گیس اور بجلی نہ ہونے کے باعث شدید سردی میں شہری مختلف مسائل سے دوچار ہیں

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان میں 3 روز کے دوران بارشوں برفباری کے باعث 22 افراد جاں بحق 28 زخمی ہوگئے، برفباری کے سبب کوئٹہ کا اندرون ملک سے رابطہ منقطع کئی پروازیں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

مسافروں کے مشکلات حل کرنے کیلئے اقدامات کررہے ہیں، اورنگزیب بادینی

کوئٹہ (مسائل نیوز) ڈپٹی کمشنر میجر (ر) اورنگزیب بادینی اور ایڈمنسٹریٹر..... (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

سرد ترین موسم میں گیس اور بجلی کا حصول ہر شہری کا حق ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا برف باری کے زیر اثر علاقوں کا فضائی جائزہ

کوئٹہ (مسائل نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے برف باری کے زیر اثر علاقوں کا فضائی جائزہ لیا، وزیراعلیٰ نے کولپور، لک پاس اور کوئٹہ کے گردونواح کے علاقوں کے فضائی جائزے کے دوران برف سے متاثرہ شاہراہوں اور علاقوں کا معائنہ کیا، صوبائی وزرا میر ضیا لانگو، میر سلیم کھوسہ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان برف باری کے زیر اثر علاقوں کا فضائی جائزہ لے رہے ہیں

بلوچستان حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان کوئی اختلافات نہیں ہیں، میر عمر جمالی

کوئٹہ (مسائل نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر..... (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

حکومت کی نااہلی کی وجہ سے اب بھی بلوچستان پسماندہ ہے، احسن اقبال

پاکستان مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان میں فعال کرنے کیلئے جلد مرکزی قیادت دورہ کرینگے

بلوچستان حکومت بھی اس کے ذمہ دار ہے کیونکہ بلوچستان حکومت بھی ترقی اور خوشحالی کیلئے اقدامات نہیں اٹھا رہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء احسن اقبال، صوبائی صدر عبدالقادر بلوچ، جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان میں فعال کرنے کیلئے جلد مرکزی قیادت دورہ کرینگے وفاقی حکومت کی نااہلی کی وجہ سے بلوچستان پسماندگی کی طرف دھکیلا جارہا ہے امن وامان نام کی کوئی چیز نہیں ہے فواد چودھری کے مسلم لیگ (ن) سے متعلق بیان غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے ان خیالات..... (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کرونگا، میر عارف جان محمد حسنی

تفتان (مسائل نیوز) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر عارف جان محمد حسنی نے کہا ہے کہ ضلع چاغی کے شہریوں کے درپیش..... (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

عوام کے حقوق کی خاطر ہمیشہ جدوجہد کرتے رہیں گے، آغا حسن ایڈووکیٹ

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات وروکن قومی اسمبلی آغا حسن ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں..... (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

قائم مقام گورنر بلوچستان قدوس بزنجو سے بابر خان موسیٰ خیل ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کی ترقی کے بغیر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا، سراج الحق

فاق نے ہمیشہ بلوچستان سے سوتیلی ماں کا سلوک کیا ہے وسائل اور معدنیات سے مالا مال صوبے میں غربت عروج پر ہے

بدقسمتی سے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) اسٹیبلشمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتی ہے، اب سے لیکر کوئٹہ تک سفر روڈ کے ذریعے کیا بلوچستان کے تمام لوگوں سے ملنے کی کوشش کی جاتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا..... (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ (مسائل نیوز) جماعت اسلامی کے مرکزی امیر وسینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے بغیر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا وفاق نے ہمیشہ بلوچستان سے سوتیلی ماں کا سلوک کیا ہے وسائل اور معدنیات سے مالا مال صوبے میں غربت عروج پر ہے بدقسمتی سے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) اسٹیبلشمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی سراج الحق پریس کانفرنس کررہے ہیں

اپوزیشن کے ساتھ مل کر ملکی مفاد میں قانون سازی کا عمل جاری رکھنا چاہتے ہیں، بابر یوسفزئی

آرمی چیف اور سروسز چیفس کی تعیناتی سے متعلق بل کی قومی اسمبلی سے منظوری خوش آئند ہے

کوئٹہ (مسائل نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ آرمی چیف اور سروسز چیفس کی تعیناتی سے متعلق بل کی قومی اسمبلی سے منظوری خوش آئند ہے اپوزیشن کے ساتھ مل کر ملکی مفاد میں قانون سازی کا عمل جاری رکھنا چاہتے..... (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

نہتے بے گناہ انسانوں کو خون میں نہلانے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں، اے این پی

شکست خوردہ عناصر بے گناہ انسانوں کی جان لے کر انسانیت کی توہین کررہے ہیں

کوئٹہ (مسائل نیوز) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں میکانگی روڈ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ نہتے بے گناہ انسانوں کو خون میں نہلانے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں بلکہ وہ انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہے حکومت ریاست اور تمام سٹیک ہولڈرز..... (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بلوچستان میں اپوزیشن بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئی ہے، منظور احمد کاکڑ

کوئٹہ (مسائل نیوز) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر منظور کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اپوزیشن بوکھلاہٹ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

مشکل کی اس گھڑی میں علاقے کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، شاہینہ کاکڑ

حالیہ برف باری سے سب سے زیادہ کان مہترزئی، مسلم باغ اور گردونواح کے علاقے شدید متاثر ہوئے ہیں

ہم علاقے کے عوام کیساتھ رابطے میں ہیں اور میں خود ریلیف کے کاموں کی نگرانی کررہی ہوں، ایم پی اے

کوئٹہ (مسائل نیوز) رکن صوبائی اسمبلی محترمہ شاہینہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حالیہ شدید برف باری اور بارشوں سے کان مہترزئی، مسلم باغ اور گردونواح کے شاہراہوں سے برف ہٹانے اور متاثرہ علاقے کے لوگوں کو خوراک کی اور دیگر امدادی سامان کی فراہمی کے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں شاہینہ کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ملاقات کی اور متاثرہ علاقوں کے..... (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

لورالائی میں جنگلات کی کٹائی کا عمل تیزی سے جاری، کوئی پوچھنے والا نہیں

لورالائی (مسائل نیوز) لورالائی میں جنگلات کی کٹائی کا عمل تیزی سے جاری ہے پلس کی لکڑی سے لدے درجنوں ٹرک روزانہ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ہفت روزہ مسائل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
چیف رپورٹر: نثار محمد کھیتران
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد اسحاق نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر ہفت روزہ مسائل کوئٹہ آرٹ سکول روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر: 081-2822725

آپ بھی لکھ سکتے ہیں
سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے مطلق اپنی مختصر مگر جامع تحریریں صاف ستھرے انداز میں ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبارات کی زینت بنائیں گے۔ (ادارے کا کالم نگاروں / مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ
رابطہ نمبر: 03327865820
واٹس اپ: 03136823946
Email: masaelqta@gmail.com

کوئٹہ میں امن وامان کی ابتر صورتحال

صوبائی دارالحکومت ایک مرتبہ پھر بدامنی کا شکار ہوگیا ہے آئے دن بم دھماکے ہورہے ہیں کل مغرب کی نماز کے بعد سٹیلائٹ ٹاؤن چالو باوڑی مسجد میں ہونے والے دھماکے میں ڈی ایس پی امان اللہ سمیت 15 افراد شہید ہوگئے جبکہ 20 سے زائد افراد زخمی ہوئے دو روز قبل ڈفری ہسپتال کے سامنے ہونے والے بم دھماکے میں دو افراد جاں بحق ہوئے تھے کوئٹہ میں لگتا ہے حکومت اور انتظامیہ نام کی کوئی شے نہیں ہے کسی کی جان محفوظ نہیں آئے دن لوگ دھماکوں میں مررہے ہیں اور وزیر داخلہ داخلہ ضیاء اللہ لانگو کہتے ہیں کہ صوبے بھر میں سیکورٹی کو ہائی الرٹ کردیا گیا تاکہ کوئی بھی امن دشمن بے گناہ شہریوں کو دوبارہ نشانہ نہ بنا سکے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ امن وامان خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو اس وقت سب سے زیادہ متحرک وزیر ہیں مگر ان کو چاہئے کہ امن وامان کے سلسلے میں اجلاس بلاکر مسلسل جائزہ لیا کریں شہر میں فرنٹیئر کور ہے، پولیس، آر آر جی، ایگل سکواڈ کی بھرمار ہے گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں اسی مقصد کیلئے موجود ہیں اس کے باوجود ایسا کیوں ہورہا ہے ایگل سکواڈ کے موٹر سائیکل سوار جب اور جہاں دل کرتا ہے سڑک کے چاروں اطراف ریوالور ہاتھوں میں لیکر اچانک ایسے کھڑے ہوجاتے ہیں جیسے ابھی کسی سے مقابلہ کرنے والے ہیں اس سے نہ صرف عام اور غریب شہری پریشانی کا سامنا کرتے ہیں بلکہ وہ خوف وہراس کا شکار ہوجاتے ہیں کیا پولیس کو معلوم نہیں سماج دشمن عناصر کہاں سے آتے ہیں اور وہ کہاں جاتے ہیں خفیہ ایجنسیاں کیا کام کررہی ہیں ان سے کچھ بھی پوشیدہ نہیں پھر کیوں ایسی وارداتیں اور واقعات ہوتے ہیں انہیں چاہئے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو پابند کریں کہ وہ سماج دشمن عناصر کے ٹھکانوں کا معلوم کریں اور ان کے خلاف موثر کارروائی کریں اور عام شہریوں کو تنگ نہ کیا جائے اور سب سے مضحکہ خیز ان کا یہ بیان کہ کسی کو امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دینگے تو وزیر داخلہ صاحب آج تک جب بھی امن وامان خراب کیا گیا ہے کیا وہ اجازت لے کر کیا گیا ہے سماج دشمن اور ملک دشمن عناصر کس کی اجازت سے کارروائیاں کرتے ہیں خدارا اس طرح کے بیانات دے کر جو اخبارات میں شہ سرخی کے ساتھ شائع ہوتے ہیں عملی طور پر اقدامات کریں آپ کے پاس وزارت ہے قانون نافذ کرنے والے ادارے ہیں فنڈز ہیں غرض کے تمام سہولیات اور وسائل ہیں تو انہیں استعمال کرکے کوئٹہ سمیت بلوچستان کو کرائم فری صوبہ بنانے کیلئے اقدامات کیوں نہیں کرسکتے کوئٹہ کو سیف سٹی بنانے کیلئے معیاری سی سی ٹی وی کیمرے کیوں نہیں لگاتے ان اقدامات سے ہی حالات بہتر ہوں گے۔

جہاد بڑی نعمت

تحریر: عبداللہ بن شریف

اس حقیقت کو سب پاکستانی تسلیم کرتے ہیں کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ مسئلہ کشمیر کوئی ایسا مسئلہ نہیں کہ جس کا حل موجود نہ ہو۔ اور بحیثیت مسلمان میرا یہ ایمان ہے کہ دنیا کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں جس کا حل قران پاک میں موجود نہ ہو۔ جب کفار کا ظلم حد سے بڑھ جائے تو اس کا حل قرآن میں جہاد بتایا گیا ہے۔ موجودہ صورتحال یہ ہے کہ ہم لوگ جہاد کا متبادل راستہ ڈھونڈنے پر تلے ہوئے ہیں۔ ہم لوگ چاہتے ہیں کہ یہ مسئلہ امن سے حل ہو جائے اور قرآن پاک بتاتا ہے کہ کفار بدترین جانور ہیں۔ بدترین جانور کبھی امن نہیں چاہیں گے۔ آج نہیں تو کل کشمیر آزاد ہوگا انشاء اللہ۔ اس آزادی کی وجہ جہاد ہی بنے گا کیوں کہ اس کے علاوہ دوسرا کوئی راستہ نہیں۔ جب ایک کتا پاگل ہوجاتا ہے تو وہ ہر دوسرے شخص کو کاٹنے لگتا ہے اور اگر آپ لوگ اس کتے کو جان سے مارنا ظلم سمجھتے ہو تو آپ یقیناً بہت بڑے احمق ہیں۔ کیوں کہ انسانوں کے دفاع میں اس کتے کو جان سے مارنا جائز ہے۔ کچھ یہی معاملہ کشمیر کا ہے۔ کشمیر کے مسلمانوں کو بچانے کے لیے جو کافروں کو مارنا ظلم سمجھتا ہے وہ میری نظر میں احمق ہے۔ کیوں کہ ایک مظلوم مومن کو بچانے کے لیے لاکھوں ظالم کافروں کو مارنا بالکل بھی غلط نہیں اور میرا وہی نعرہ ہے جو صحابہ کرام کا تھا۔ کافروں کا ایک علاج الجہاد والجہاد اور رہ گی بات غزوہ ھند کی وہ تو احادیث سے ثابت ہے۔ اسے دنیا کی کوئی طاقت ٹال نہیں سکتی۔ حدیث ہے کہ "جہاد قیامت تک جاری رہے گا انشاءاللہ" لیکن ہم لوگ چاہتے ہیں بغیر جہاد کے کشمیر آزاد ہوجائے۔ بغیر جہاد کے ہم لوگ امن وسکون سے رہ لیں۔ اگر جہاد کے بغیر مومنوں کی ترقی ممکن ہوتی اور بغیر جہاد کے اسلامی سلطنت کا قیام عمل میں لایا جاسکتا تو اللہ تعالی جہاد فرض ہی نہ کرتا۔ قرآن میں بار بار جہاد کا ذکر نہ آتا۔ حقیقت کو سامنے رکھا جائے تو میرے نزدیک امن کا پرچم محض ایک ڈھال ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہم لوگ زندگی سے پیار کرنے لگ گے ہیں۔ ہم لوگ مرنے سے ڈرتے ہیں کہیں کافروں کے ہاتھوں مارے نہ جائیں۔ ہم جانی اور مالی دونوں نقصان سے ڈرتے ہیں۔ جب کہ جان کا مالک اللہ ہے اور جہاد اللہ کے لیے ہے۔ کشمیر کے حالات کسی سے بھی چھپے نہیں ہیں۔ سب جانتے ہیں کشمیر میں کیا ہورہا ہے، فلسطین میں کیا ہورہا ہے اور برما میں کیا ہورہا ہے۔ آج نہیں تو کل کہیں نہ کہیں سے جہاد منظر عام پر آکر ہی رہے گا۔ جہاد ایک نعمت بھی ہے۔ اس نعمت سے اگر ہم لوگ فیض یاب نہیں ہوتے تو ہم بدنصیب ہیں۔ اللہ تعالی ہر کسی کو اپنی راہ میں لڑنے کا موقع نہیں دیتا۔

کیا تم کو ذرا بھی خیال ہے جب بروز محشر مظلوم مسلمان تمہارا گریبان پکڑ کر کہیں گے "یا اللہ ہم پر ظلم ہورہا تھا اور یہ بس موت کے ڈر سے ہم پر ظلم ہونے دیتا رہا۔ یا اللہ ہماری عزتیں محفوظ نہیں تھی اور یہ اپنی جان بچانے کی خاطر کفار سے صلح کا منصوبہ بناتا رہا" تو کیا جواب دو گے۔ بے شک اس پر ہماری بہت بری پکڑ ہوگی۔ جہاد کرو۔ قلم سے۔ مال سے۔ جان سے۔ فرض ادا کرو۔ جس طرح نماز، روزہ فرض ہے جہاد بھی فرض ہے۔ فرض کا منکر کافر ہے۔ جو جہاد کا منکر ہے وہ کافر ہے۔

امریکہ ایران جنگ یا سی پیک کیخلاف سازش

مورچہ ☆☆☆ ممتاز ترین

mumtaztareen19@gmail.com

امریکہ اور ایران میں گو کہ کشیدگی کی فضاء برقرار ہے مگر جنگ کے بادل کم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں عراق میں امریکہ نے قاسم سلیمانی کو ڈرون کے ذریعے نشانہ بنایا جس کے بعد دونوں ملکوں میں کشیدگی بڑھ گئی قاسم سلیمانی کی نماز جناہ اور تدفین میں ہزاروں ایرانیوں کی شرکت اور امریکہ مخالف نعروں کے ساتھ ساتھ ایران کی جانب سے بدلہ لینے کے اعلان نے خطے میں ایک بڑی جنگ کا بگل بجا دیا تھا گزشتہ رات ایران نے عراق میں واقع امریکی اڈوں پر ایک درجن سے زائد راکٹ برسائے اور ایران نے دعویٰ کیا کہ ان اڈوں میں امریکہ کے 80 فوجی ہلاک کئے گئے ساتھ ہی ایران نے کہا کہ اس نے امریکہ سے بدلہ لے لیا ہے ایران کے وزیر خارجہ نے کہا امریکہ نے اب اگر حملہ کیا تو زیادہ سخت جواب دیا جائیگا۔

ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ وہ خطے میں جنگ نہیں چاہتے ایرانی لیڈر آیت اللہ خامنائی نے امریکہ کے خلاف میزائل حملے کو سلیمانی بدلہ قرار دیتے ہوئے ایران کی کامیابی قرار دیا دوسری طرف امریکی وزیر دفاع نے میزائل حملے کے بعد بیان دیا کہ امریکہ جنگ نہیں چاہتا تاہم اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہمارے پاس موثر جواب دینے کی صلاحیت موجود ہے اس کے بعد امریکی سیکورٹی کونسل کے اجلاس کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی قوم سے خطاب میں کہا کہ ایرانی میزائل حملوں سے عراق میں واقع امریکی اڈوں کو نقصان ضرور پہنچا ہے مگر اس کے نتیجے میں نہ تو کوئی امریکی اور نہ ہی عراقی زخمی ہوا انہوں نے پھر کہا کہ قاسم سلیمانی دہشتگرد تھا اور وہ عراق، یمن شام اور لبنان میں دہشتگردوں کو تربیت دینے کے علاوہ ان کی سرپرستی کرتا تھا اس کو میرے حکم پر مارا گیا انہوں نے ایرانی قیادت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس نے اپنے عوام پر مظالم روا رکھے ہوئے ہیں ٹرمپ نے ایران پر مزید اقتصادی پابندیاں لگانے کا اعلان کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ ہمارے پاس دنیا کی سب سے بہترین اور طاقتور فوج اور ہتھیار موجود ہیں مگر اسے استعمال نہیں کرنا چاہتے ہیں خطے میں ایران کو ترقی کی جانب دیکھ رہا ہوں امریکی سیکریٹری دفاع کی آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ٹیلی فون پر بات چیت میں انہوں نے پاکستان کی طرف سے جنگ میں غیر جانبدار رہنے کے موقف پر کہا کہ امریکہ بھی خطے میں جنگ نہیں چاہتا وزیر اعظم عمران خان نے بھی واضح کیا کہ پاکستان اب دوسرے کی جنگ میں فریق نہیں بنے گا تاہم خطے میں امن کیلئے بھرپور کوششیں کریگا جس کیلئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو ایران، سعودی عرب اور امریکہ کا دورہ کرنے کی ہدایت کی ٹرمپ نے ٹیوٹ پر زور دیا کہ وہ متحد ہوجائے غرض کہ تیسری عالمی جنگ کا خطرہ دو دن میں ٹل گیا کیا یہ حقیقت میں تیسری عالمی جنگ کی جانب کوئی قدم تھا یا اس کے پس پردہ کوئی اور منصوبہ تھا میں اس سے پہلے بھی اپنے کالم میں لکھ چکا تھا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ نہیں ہوگی کیونکہ امریکہ مشرق وسطی اور افغانستان میں ضرور موجود ہے مگر اس کی یہاں پر پوزیشن اب بھی غیر مستحکم ہے عراق میں امریکہ کے اڈے ضرور ہیں مگر سلیمانی پر حملے کے بعد عراق کے وزیر اعظم نے کہا تھا کہ امریکہ نے عراق میں ان کو نشانہ بنا کر غلطی کی ہے اس لئے امریکہ عراق سے اپنی فوجیں واپس بلائے ایران کے میزائل حملوں کے بعد عراق نے ایران کی جانب سے عراق کی سرزمین پر مداخلت پر احتجاج کیا یہ سب کچھ نورا کشتی نظر آرہی تھی اور جس میں یک دم سے حالات خراب اور درست ہوئے اسے تھوڑی سی عقل وفہم رکھنے والا بآسانی سمجھ سکتا ہے صدام حسین اور اسامہ بن لادن جن کو امریکہ نے مارا یہ دونوں امریکہ کے ساتھ تھے اور امریکہ خود جس سے جان چھڑانا چاہتا ہے ان کو کسی نہ کسی بہانے سے مار دیتا ہے قاسم سلیمانی کو بقول امریکہ کے کافی پہلے مار دینا چاہیے تھا اور اچانک اس کی بیٹی زینب سلیمانی کے بارے میں اطلاعات دی گئیں کہ بنیادی طور پر وہ امریکی شہریت رکھتی ہیں اب کہانی یا منصوبے میں کلائمیکس سامنے آتا ہے کہ دونوں ممالک نے کارروائی کی اور دونوں نے فوری طور پر جنگ نہ کرنے کا بیان دیا اصل میں سارا ڈرامہ سی پیک ہے جو امریکہ، بھارت، ایران اور افغانستان کو کھٹک رہا ہے امریکہ نے اس بہانے پاکستان کی کمزور معیشت کا فائدہ اٹھانے کیلئے اڈوں کیلئے جگہ دینے کی دیرینہ خواہش ظاہر کی مگر پاکستان کی جانب سے دوٹوک جواب ملنے پر اس نے اپنا منصوبہ ترک کردیا خدانخواستہ پاکستان حامی بھر لیتا تو امریکہ خطے میں اپنے سینکڑوں فوجیوں کو مروا کر یہاں اپنی موجودگی کو مستقل بنانے کا جواز پیدا کرلیتا اس طرح اسے سی پیک کو ناکام بنانے کا موقع مل جاتا بلکہ اسے ناکام بنانے کیلئے رسائی حاصل ہوجاتی یہ گھٹیا منصوبہ چین اور روس کو پہلے ہی سمجھ آگیا اس لئے انہوں نے فریقین کو صرف بیان کے ذریعے تحمل کا کہا جس پر امریکہ کو سمجھ آگئی کہ اب وہ پاکستان پر اڈوں کیلئے ماضی طرح دباؤ ڈالنے میں اسلئے کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ پاکستان کی مسلح افواج 24 گھنٹے الرٹ اور حالت جنگ میں ہیں اگر یہ سی پیک کے خلاف سازش نہ ہوتی تو پھر بھارت بھی ایران یا امریکہ میں کسی ایک کے حق میں یا پھر دونوں فریقین کو جنگ نہ کرنے کا کہتا اور سفارتی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرتا مگر اس کی خاموشی ظاہر کررہی تھی کہ اسے بھی اس ڈرامے کا علم تھا اور وہ خاموش بیٹھ کر تماشہ دیکھ رہا تھا یہ بات بھی باعث دلچسپی ہے کہ بھارت نے ان تین روز میں کنٹرول لائن پر اشتعال انگیزی بھی نہیں کی سی پیک جس میں پاکستان اور چین کے علاوہ روس اور دیگر ممالک بھی شامل ہونے میں دلچسپی لے رہے ہیں امریکہ بھارت افغانستان اور ایران کو اس سے پریشانی ہے کیونکہ گوادر کے مقابلے میں ایران میں چاہ بہار میں بنائی جانے والی بندرگاہ کیلئے بھارت ایران کی مدد کررہا ہے اور اس میں انہیں امریکہ کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے ایسا نہ ہوتا تو خود کو دنیا کی طاقتور فوج رکھنے والے ملک کا سربراہ ٹرمپ اتنی بڑی ٹینشن کے باوجود یہ نہ کہتا کہ میں ایران کو بہت آگے بڑھتا ہوا دیکھ رہا ہوں یعنی چاہ بہار کو گوادر سے پہلے کامیاب کرانے کا منصوبہ ہے سی پیک جو اس خطے کی اقتصادی ترقی کا ضامن ہے اور چین کے ساتھ ساتھ پاکستان کے اقتصادی ترقی کا ضامن ہے اور معاشی طور پر زبردست ترقی کرنے کا سب سے زیادہ خوف امریکہ کو ہے کہ اس کے بعد پاکستان کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں رہے گی اس کے بعد خطے کے علاوہ مشرق وسطی میں بھی امریکہ کا اثر وسوخ ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائے گا ویسے بھی دنیا میں جمہوریت اور آزادی وخودمختاری کی تحریکیں چل رہی ہے خود امریکہ کی معیشت ابتری کی طرف ہے اور وہ دنیا کا سب سے زیادہ قرضہ ارملک ہے وہ مختلف ممالک سے قرضے لیکر آئی ایم ایف کے حوالے کرتا ہے پھر آئی ایم ایف سے مختلف ممالک کو اپنی شرائط پر قرضے دلا کر ان کی معیشت کو خراب کرنے کے ساتھ عوام پر بوجھ ڈالتا ہے اسطرح عوام اپنی حکومتوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوتے ہیں جس کے بعد یہی امریکہ اس ملک کے عوام کا ہمدرد بن کر اس کے حکمرانوں کو اپنے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرتا ہے جبکہ اپنی معیشت کو سہارا دینے کیلئے جب امریکہ کا دل کرتا ہے کسی بھی ملک کو دہشت گرد قرار دے کر اس کے خلاف اتحادیوں کی شکل میں فوج بھیجتا ہے اور اسلحہ استعمال کرتا ہے بعد

میں وہ اسلحے کی قیمت اتحادیوں سے اسطرح وصول کرتا ہے کہ اگر ایک ارب ڈالر کا اسلحہ استعمال ہوا ہے تو وہ اسے 20 ارب ڈالر بنا کر وصول کرتا ہے اور اس سے کئی گنا زیادہ رقم اس ملک میں بحالی کیلئے لیتا ہے اور اگر امریکہ کو مشرق وسطی کے آئل کی ضرورت نہیں تو پھر وہ مشرق وسطی اور افغانستان سے واپس چلا جائے قطر کا تمام آئل تو وہ براہ راست لے جاچکا ہے پھر یہاں اپنے فوجیوں کو کیوں خطرے میں ڈالے ہوئے اصل میں اس خطے سے امریکی فوج کی مکمل انخلاء کے بعد امریکہ میں صورتحال انتہائی خراب ہوجائے گی یہ بین الاقوامی ڈرامہ اور سازش یہاں ناکام ہوچکی ہے اس خطے میں چار ایٹمی طاقتیں ہیں ایسے میں یہ سوچنا یا سازش کرنا کہ پاکستان سمیت کوئی بھی ایٹمی طاقت امریکی کالونی بن کر اس کے مرضی کے مطابق چلے گی امریکہ کی بہت بڑی بھول ہے سی پیک کامیاب ہوگا اور اسے ناکام بنانے والے ناکام ہوجائیں گے حکومت پاکستان کے اس موقف کو سراہتے ہیں کہ اس نے کسی بھی جنگ کا حصہ نہ بننے کا دوٹوک اعلان کردیا ہے اس کے ساتھ ساتھ بھارت کی اشتعال انگیزیوں اور حرکتوں پر امریکہ سمیت دیگر ممالک اور اقوام متحدہ کی جانب سے خاموشی معنی خیز ہے جسے پاکستان اچھی طرح سمجھ چکا ہے اور اس وقت پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کی مسلح افواج ریڈ الرٹ ہیں اور ہر قسم کی مہم جوئی کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں امریکہ بھارت افغانستان ایران یا جو بھی ملک یہ چاہتا ہے کہ سی پیک کو ناکام بنایا جائیگا وہ بھول جائے کہ اسے اس میں کوئی کامیابی حاصل ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کرپشن پر سمجھوتے۔ احتساب کب ہوگا؟

بلا امتیاز

امتیاز علی شاکر

Imtiazali170@gmail.com

کرپشن کے معنی ہیں ٹوٹ پھوٹ، عیب دار جبکہ ارسطو نے کرپشن کو بدعنوانی کہا ہے، بدعنوانی یعنی رشوت لینا، سرکاری اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھانا یا اپنے عزیز واقارب کو مستفید کرنا، دنیا میں کرپشن کی درجنوں اقسام پائی جاتے ہیں جو سب کی سب سنگین جرائم تصور کی جاتی ہیں، دنیا کے کئی ممالک جیسا کہ چین کرپشن پر سخت سزائیں دے کر بڑی حد تک کرپشن کی حوصلہ شکنی کررہے ہیں، جن ممالک نے کرپشن کی روک تھام کیلئے سنجیدہ اقدام اٹھائے وہ آج ترقی یافتہ اور خوشحال ممالک کی فہرست میں شامل ہیں جبکہ کرپشن پر سمجھوتے کرنے والے ممالک ترقی پزیر سے پزیر ترین ہورہے ہیں، افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جن میں پاکستان بھی شامل ہے، نیب ترمیمی آرڈیننس منظوری کے بعد اپوزیشن جماعتوں سمیت دیگر کئی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کی زد میں ہے یہاں تک کہ ترمیمی آرڈیننس کو مدر آف قومی مفاہمتی آرڈیننس (این آر او) قرار دیتے ہوئے رہنما پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے کہا کہ جب سابق صدر آصف زرداری نے کہا کہ نیب اور معیشت ساتھ نہیں چل سکتے تو ہم پر این آر او مانگنے کا الزام لگایا گیا اور اب نیب ترمیمی آرڈیننس لاکر حکومت نے اپنے ساتھیوں کو این آر او پلس دے دیا، دوسری جانب رہبر کمیٹی کے کنوینر اکرم خان درانی نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں نیب ترمیمی آرڈیننس کی مخالف ہیں، پارلیمنٹ میں نیب ترمیمی آرڈیننس کا جائزہ لے کر آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کریں گے، اکرم خان درانی کا کہنا تھا کہ ہم تو نیب کو برقرار رکھنا ہی نہیں چاہتے، نیب نیازی گٹھ جوڑ ہے، حکمرانوں نے اپنے آپ اور اپنے دوستوں کو بچانے کے لئے صدارتی آرڈیننس کا سہارا لینے کی کوشش کی ہے جبکہ اشتیاق چوہدری ایڈووکیٹ نے تاجروں اور سرکاری ملازموں کو نیب کے دائرہ اختیار سے نکالنے پر نیب ترمیمی آرڈیننس کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا ہے، اشتیاق چوہدری ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر درخواست میں کہا گیا ہے کہ تاجروں اور سرکاری ملازمین کو نیب کے دائرہ اختیار سے باہر نکالنا آئین کے آرٹیکل پچیس کی خلاف ورزی ہے، آئین کے تحت تمام شہری برابر ہیں کسی ایک طبقے کو دوسرے پر ترجیح نہیں دی جاسکتی، جس آرڈیننس پر اس قدر شور برپا ہے اصل میں وہ ہے کیا؟ منظور شدہ نیب ترمیمی آرڈیننس کے مطابق محکمانہ نقائص پر سرکاری ملازمین کیخلاف نیب کاروائی نہیں کرسکے گا، ایسے ملازمین کیخلاف کارروائی ہوگی جن کیخلاف شواہد دستیاب ہوں گے، آرڈیننس کہتا ہے کہ سرکاری ملازم کی جائیداد کو عدالتی حکم نامے کے بغیر منجمد نہیں کیا جاسکے گا، تین ماہ میں نیب تحقیقات مکمل نہ ہونے کی صورت میں گرفتار سرکاری ملازم ضمانت کا حقدار ہوگا پر سرکاری ملازم کے اثاثوں میں بے جا اضافے پر اختیارات کے ناجائز استعمال کی کارروائی ہوسکے گی، نیب 50 کروڑ سے کم کی کرپشن اور اسکینڈل پر کارروائی نہیں کرسکے گا، نیب ترمیمی آرڈیننس کے مطابق ٹیکس، اسٹاک ایکسچینج، آئی پی اوز سے متعلق معاملات میں نیب کا دائرہ اختیار ختم ہو جائے گا، ان تمام معاملات پر ایف بی آر، ایس ای سی پی اور بلڈنگ کنٹرول اتھارٹیز کاروائی کے اختیارات رکھتی ہیں،

معروف قانون دان، چیئرمین پاور گروپ آف لائیرز محمد رضا ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے ساتھ نیب ترمیمی آرڈیننس اور نظام عدل کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی، انہوں نے بہت ساری نایاب قسم کی معلومات فراہم کرتے ہوئے انہیں آف دی ریکارڈ کردیا جبکہ حالیہ نیب ترمیمی آرڈیننس پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے ان کا کہنا ہے کہ حکومت کا نیب ترمیمی آرڈیننس میں نیب کے اختیارات محدود کرنا کسی صورت مناسب نہیں، سرکاری ملازمین کیخلاف محکمانہ کرپشن کی بنیاد پر کاروائی سے روکنا اور کسی بھی کرپٹ سیاستدان کی جائیداد عدالتی حکم کے بغیر منجمد کرنے کے اختیارات واپس لینا نیب کے ہاتھ کاٹنے کے مترادف ہے، حالیہ نیب ترمیمی آرڈیننس کے نفاذ کے بعد نیب سے کرپٹ سیاستدانوں اور سرکاری ملازمین با آسانی بچ نکلیں گے، انہوں نے کہا محکمہ اینٹی کرپشن اور احتساب بیورو کرپشن کے گڑھ بن چکے ہیں ان پر اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود کارکردگی صفر ہے اینٹی کرپشن میں لاکھوں شکایات کے باوجود کوئی کاروائی نہیں ہوتی، ہمیشہ بااثر ملزمان سفارش اور رشوت کے سہارے سزا سے بچ نکلتے ہیں حکومت کو ان اداروں کی بہتر کارکردگی کیلئے اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے، محمد رضا ایڈووکیٹ نے اپوزیشن جماعتوں کے موقف کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب کوئی قانون نافذ یا منسوخ ہوتا ہے تو اس کے اثرات کسی خاص حلقے پر نہیں بلکہ بلاامتیاز ہوتے ہیں، نیب ترمیمی آرڈیننس قانونی اقدام جو سب کیلئے ہے، اصولی طور پر نظام احتساب اور نظام عدل ایسا ہونا چاہیے کہ ملزمان کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے یہ نہ دیکھا جائے کہ ملزم کا تعلق حکمران جماعت کے ساتھ ہے یا اپوزیشن کے ساتھ، احتساب بلاامتیاز اور سخت ہونا چاہئے، انہوں نے حکومتی اور عدالتی نظام کے کمزور پہلوؤں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم، ملک کو پہلا متفقہ آئین دینے والے قائد عوام ذوالفقار بھٹو کی جانشین بے نظیر بھٹو کے قاتلوں کی گرفت نہ کرپانا ہمارے نظام حکومت، نظام عدل سمیت تمام قومی اداروں کی شدید ترین ناکامی اور ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، عام عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ 12 سال گزر گئے، دو مرتبہ ملک کی وزیر اعظم منتخب ہونے والی محترمہ بینظیر بھٹو کے شوہر ملک کے صدر منتخب ہوئے اور پاکستان پیپلز پارٹی نے پانچ سال تک صوبے اور وفاق میں حکومت کی آج بھی صوبہ سندھ میں انہیں کی حکومت ہے پھر بھی محترمہ کے قاتل بے نقاب نہیں ہورہے، کتنے افسوس کی بات ہے کہ آج بھی محترمہ کے صاحبزادے اور سیاسی جانشین بلاول بھٹو زرداری جلسوں میں عوام سے سوال کرتے ہیں کہ محترمہ کے قاتلوں کو سزا کیوں نہیں دی گئی، بلاول بھٹو زرداری جب کسی سرمایہ دار، جاگیردار، وڈیرے کو پارٹی ٹکٹ جاری کرتے ہیں تو اُس وقت خود سے سوال کیوں نہیں کرتے کہ کوئی نااہل، ان پڑھ شخص اسمبلی میں بیٹھ کر کیا قانون سازی کرے گا؟ جس نظام عدل کی بھاگ ڈوران پڑھ، نااہل، جرائم پیشہ ارکان پارلیمنٹ کے ہاتھوں میں ہوگی وہ نظام عدل سائلین کو انصاف کیسے فراہم کرسکتا ہے؟ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ نیب ترمیمی آرڈیننس کے بعد سرکاری ملازمین کیلئے آسانی پیدا ہوگی اور وہ بہتر کارکردگی دیکھائیں گے ایسی سوچ رکھنے والے احباب سے سوال ہے کہ کرپشن کرنے پر پکڑ نہ ہو یہ تو ہر بے ایمان کی خواہش ہے تو کیا سب کو کھلی چھوٹ دے دینی چاہیے؟ کرپشن تو ہر حال میں کرپشن ہے چاہے ایک روپے کی ہو یا ایک ارب کی، پچاس کروڑ سے کم کرپشن پر فلاں ادارہ تحقیقات کرے گا اور پچاس کروڑ سے زائد کرپشن پر فلاں ادارہ یہ سب وقت گزارو اور مال بنا و طریقے ہیں ورنہ کرپشن کرنے والے ملک وقوم کے دشمن اور غدار ہیں ایسے لوگوں کو سخت سزائیں دی جانی چاہیے، سرکاری ملازمین ہوں یا سیاسی قائدین یا پھر دیگر انتظامیہ سب تنخواہ لیتے ہیں لہٰذا اپنا کام پوری ایمانداری کے ساتھ کرنا اُن کی ذمہ داری ہے، جو کوئی احتساب کے ڈرسے کام نہیں کرنا چاہتا اس کی ایمانداری پر شک وشبہات کی گنجائش پیدا ہوجاتی ہے لہٰذا اُن کیلئے احتساب کے قوانین کو کمزور کرنے کی بجائے مزید سخت اور موثر بنایا جائے تو بہتر نتائج نکل سکتے ہیں، کرپٹ مافیا کو رعایتیں دینا کوئی نئی بات نہیں پر احتساب کے نام پر سیاست سے حکومت تک پہنچنے والوں سے ایسی اُمید نہ تھی۔ جناب وزیر اعظم عمران خان قوم کو بتائیں کہ اسی طرح کرپشن پر سمجھوتے کرتے رہیں گے تو پھر احتساب کب ہوگا؟

عصر حاضر میں نوجوانوں کی ذمہ داریاں

تحریر۔ مولانا محمد صدیق مدنی

چھٹی اور ساتویں صدی عیسوی کا معاشرہ بے شمار بیماریوں میں لت پت ہوچکا تھا، مثلاً اس وقت ان کے پاس کوئی رہبر و پیامبر نہیں تھا بس جس فرد کے من میں جو آتا وہ اس کو کر گذرتا تھا۔ اس معاشرہ میں بسنے والے اپنے متعلقین خواہ ان سے کتنا ہی بڑا خونی رشتہ نہ ہو اس کی تمیز کیے بنا وہ ان کے حقوق کو غصب کرتے ہوئے اپنی ذاتی منفعت و استراحت کے لیے سب کچھ کر گذرتے تھے۔ اس معاشرے کو جن مسائل کا سامنا تھا ان میں سے ایک اہم مسئلہ ملت کی مجموعی فلاح و بہتری کی سوچ وفکر کرنے والا کوئی فرد موجود نہ تھا۔ اس معاشرے میں بھی بہت سے افراد انفرادی طور پر روحانی زندگی بسر کررہے تھے ماسبق کتب کی روشنی میں اسی بات کو بیان کرتے ہوئے قرآن مجید نے کہا ہے "ترجمہ۔" سب یکساں نہیں (انہی) اہل کتاب میں ایک جماعت قائم ہے (اس بات پر کہ) یہ لوگ اللہ کی آیتوں کی تلاوت اوقات شب میں کرتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں، یہ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں اور اچھی باتوں کی طرف دوڑتے ہیں یہی لوگ نیکوکاروں میں سے ہیں۔ (سورہ آل عمران، ۱۱۳۔۱۱۴)

اس سے معلوم ہوا کہ بہت سے ایسے افراد اس معاشرے میں موجود تھے جو ذاتی اور انفرادی طور پر صالح الاعمال اور سلیم العقل تھے۔ مگر افسوس کہ وہ بحیثیت اجتماعی، بہتر انسانی معاشرے کے قیام سے یا تو عاجز تھے یا انہوں نے اپنے نیکوکار ہونے پر اکتفا کرلیا تھا۔

ساتویں صدی عیسوی کے اس انسانی معاشرے کی ان تمام کمزوریوں کو دور کرنے کے لیے کوئی مناسب و موثر قیادت میسر نہ آرہی تھی ایسے میں اللہ تعالی نے دین اسلام کو یہ شرف بخشا کہ نبی مکرم رسول معظم ﷺ کی بعثت اور آخری امت کی بعثت فرمائی۔ مفکر اسلام سید ابوالحسن علی ندوی رح فرماتے ہیں کہ "ساتویں صدی میں جس خلا کو پوری صلاحیت اور قدرت کے ساتھ ملت اسلامیہ نے پر کیا تھا، وہ عالمی قیادت کا خلا تھا۔ اس خلا کا پر ہونا امت اسلامیہ کی بعثت کا کرشمہ ہے، جس کا ایک ایک فرد مینارہ نور، حامل ایمان ویقین تھا، جس نے ظلمتوں میں اپنی راہ پیدا کی (زمانے کا حقیقی خلاء ۱۷)"

14 die as snowfall, rain wreak havoc in Balochistan

QUETTA / ISLAMABAD: Heavy snowfall and showers claimed at least 14 lives in different parts of Balochistan and suspended road and air links of the country's largest province with rest of the world on Sunday, as the unusually extreme weather system entered Pakistan.

With a strong westerly wave affecting most parts of the country, snowfall is also expected in Khyber Pakh-tunkhwa, Gilgit-Baltistan and Kashmir, besides heavy showers have been forecast for Islamabad as well as upper and central Punjab from Monday till Tuesday morning, according to the meteorological department.

Met officials said heavy snowfall in Quetta had already broken the 20-year record. "In Qilla Saifullah, the Met Office recorded three- to four-foot snow, which was [more than] double the usual one- to 1.5-foot snow," said Chief Meteo-rologist Dr Azmat Hayat Khan.

An aircraft that had arrived from Saudi Arabia with passengers on Saturday night could not fly back, as Quetta airport runway remained covered with heavy snow, sources said.

Coming from KP, Sindh and Punjab, hundreds of passengers were stranded on different highways linking Balochistan. The Quetta-Karachi highway was blocked at Luck-Pass area, Quetta-Sibi highway was closed for traffic between Kolpur and Mach, as the area continued to receive heavy snowfall.

Official sources said traffic was also suspended at Quetta-Chaman highway as the Khozak-Pass linking Pakistan with Afghanistan also received heavy snowfall, bringing halt to the Afghan transit trade as hundreds of trucks and other goods vehicles remained stranded on both sides of the Pak-Afghan border.

While the passengers stuck up in the Kan Mehtarzai area were rescued by army troops and Frontier Corps personnel who removed snow from the highway, many others coming from Dalbandin towards Mashkel were not as fortunate after heavy rainfall with flash floods hit most parts of Chagai district. Soon after receiving information through local WhatsApp groups, Levies Force and FC personnel rescued a few people but could not reach the point where a majority of them have been waiting for help since Saturday night.

Chagai Deputy Commissioner Fateh Khan Khajjak said their own vehicles were stranded when he along with Levies Force personnel reached the Kaachar area and rescued 13 people.

"Several people with their vehicles are still waiting for help but unfortunately those areas cannot be reached without helicopter. I have made a request for provision of the helicopter to the provincial disaster management authority. Hopefully, it would be provided to us as soon as possible," Mr Khajjak said.

Around two dozen passengers, including women and children seated in four vehicles, were trapped in the far-flung area of Kaachar close to Pak-Iran border. Official sources said army and personnel of Frontier Corps were making efforts to rescue them.

They said army troops and FC personnel had reached many other areas badly affected by continuous heavy snowfall and started rescue and relief operation along with workers of the Provincial Disaster Management Authorities (PDMA) and local administration. PDMA officials and workers also provided food, water and blankets to the passengers who were rescued.

کوئٹہ شہر کے اہم ٹیلی فون نمبرز

ہسپتال

ایدھی سینٹر	2830867-1115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرجن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/11
مائیکو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/2842229
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی ٹی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال / ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/9202642
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس مالی باغ	9202299
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

ٹیلی فون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

دیگر اہم نمبرز

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان بورڈ	9202791

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گولمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202555
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائمز برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئر پورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ سٹی ڈویژن	9202027
ریجنل آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کراٹہ	2442834
کلاک سب ڈویژن	2890075
گولمنڈی سب ڈویژن	2869001
لیاقت بازار شکایت آفس	9201459
بروری سب ڈویژن	2828400
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئر پورٹ انکوائری	114
ایکس چینج	9203873
ایئر پورٹ ایکس چینج	2880213/6
شریک	2880028

---

1 بقیہ

ٹان کے نواحی علاقے ٹوٹ آباد کی ایک مسجد و مدرسہ میں ہوا ۔ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ نے دھماکے میں ڈی ایس پی امان اللہ سمیت 15 افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کی۔ان کا کہنا تھا کہ دھماکے میں 19 افراد زخمی بھی ہوئے۔دھماکے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی نفری جائے وقوع پر پہنچی جبکہ ریسکیو عملے نے زخمیوں کو سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر منتقل کیا جہاں انہیں طبی امداد کی فراہمی شروع کردی گئی ۔سیکیورٹی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مدرسے کے اردگرد کا علاقہ خالی کرا دیا ،سول ہسپتال کوئٹہ میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمالنے سیٹلائٹ ٹاؤن کی مسجد میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے دھماکے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور متعلقہ حکام کو زخمیوں کو بہتر طبی امداد کی فراہمی کی ہدایت کی۔صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے بھی مسجد کے اندر دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔اپنے بیان میں ان کا کہنا تھا کہ دہشت گرد ہماری ترقی اور ابھرتے ہوئے پاکستان سے خائف ہیں جبکہ اندرونی و بیرونی دشمن پاکستان میں بے چینی اور بدامنی کو بڑھاوا دینے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مایوسی، ناکامی کا شکار اور شکست خوردہ دہشت گرد ہمارے نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں تاہم ملک کے امن وامان کو خراب کرنے کے شیطانی مقصد میں دہشت گردوں اور ملک دشمنوں کو کبھی کامیاب ہونے نہیں دیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ڈی ایس پی حاجی امان اللہ کے بیٹے کو بھی ایک ماہ قبل فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا تھا۔واضح رہے کہ 3 روز قبل کوئٹہ کے میکانگی روڈ پر بھی دھماکا ہوا تھا جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور دیگر 14 زخمی ہوئے تھے۔پولیس کے مطابق دھماکا کوئٹہ کے لیاقت بازار کے قریب میکانگی روڈ پر سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب ہوا۔سول ہسپتال کوئٹہ کے ترجمان وسیم بیگ کا کہنا تھا کہ ہسپتال میں دو لاشیں اور سیکیورٹی فورسز کے 2 اہلکاروں سمیت 14 زخمیوں کو لایا گیا جنہیں ٹراما سینٹر میں داخل کرادیا گیا ہے۔

2 بقیہ

جماعتوں نے بردباری اور اتفاق کا مظاہرہ کیا، آج ثابت ہوگیا کہ جب بھی ملک پر مشکل وقت آیا تمام سیاسی جماعتیں متحد ہوجاتی ہیں، سیاسی امور پر اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے تاہم قومی سلامتی کے معاملے پر تمام جماعتیں ایک ہونا ملک وقوم کیلئے بہترین پیغام ہے انہوں نے کہا کہ پوری قوم پاک فوج کے ساتھ ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے چند نام نہاد قوم پرست ، مذہب پرست جماعتوں کی جانب سے آرمی ایکٹ بل کی مخالفت کرنے والوں کو کھڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی مخالفت کرنے والوں کا سینٹ وقومی اسمبلی میں آٹے میں نمک کے برابر حیثیت بھی نہیں رکھتے انہوں نے کہا کہ آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی بھاری اکثریت سے منظور ہونے پر تمام محب وطن پاکستان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

3 بقیہ

اور وزیر اعلیٰ کی کارکردگی پر نکتہ چینی کرنے سے قبل ٹھوس کارکردگی اور اقدامات کا جائزہ لیا جانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے موصوف کے ساتھ کسی قسم کا کوئی سیاسی اختلاف نہیں ہے۔البتہ اگر کوئی اختلاف رائے تو ماضی کی کرپٹ پریکٹس ، ہیڈ گورننس اور قومی دولت لوٹنے والوں کے ساتھ اختلاف ضرور ہے اور جب تک بلوچستان کے عوام کے مسائل حل نہیں ہو جاتے یہ اختلاف برقرار رہے گا انہوں نے موصوف کے انٹرویو کو سیاسی طور پر معصومانہ اور تکنیکی اعتبار سے تضادات کا مجموعہ قرار دیا ان کا کہنا ہے کہ قدوس بزنجو نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ گورنر کا منصب عمومی سیاست کی اجازت نہیں دیتا۔لیکن قائمقام گورنر ہوتے ہوئے وہ چیف ایگزیکٹیو وزیر اعلیٰ جام کمال کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔انہوں نے موصوف کی اس بات کا بھی حوالہ دیا کہ جام صاحب کی کارکردگی ماضی کے وزرائے اعلیٰ کے مقابلے میں بہتر نہیں۔موصوف نے خاص طور پر دو سابق وزرائے اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور نواب ثنا ء اللہ زہری کی کارکردگی کو ان سے بہت بہتر قرار دیا۔

4 بقیہ

کی ،وزیر اعظم عمران خان نے کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن بم دھماکے کی رپورٹ طلب کر لی۔ جمعہ کو صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کی اور دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ دہشتگرد ملک میں بدامنی پھیلانے کے لئے کوششیں کر رہے ہیں ۔قوم دشمن کی ناپاک سازشوں کے خلاف متحد ہے ۔وزیر اعظم عمران خان نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کی اور دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن دھماکے کی زخمی کی اور زخمیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ،دھماکے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی ،وزیر اعظم عمران خان نے کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن بم دھماکے کی رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے طلب کر لی ہے۔

5 بقیہ

نے بے گناہوں کو مسجد میں نشانہ بنایا ہے وہ کبھی بھی سچے مسلمان نہیں ہوسکتے ۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی ٹویٹ کے مطابق دھماکے کے فوری بعد ہی ایف سی بلوچستان کے جوان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور انہوں نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے پولیس کے ساتھ مشترکہ آپریشن شروع کردیا جبکہ زخمیوں کو ہسپتال میں منتقل کیا۔

6 بقیہ

وہ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ایڈیشنل کورٹ جب میں لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے تقریب سے لسبیلہ کے صدر ایڈووکیٹ غلام رسول انکاریہ اور جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ عبدالوہاب بزنجو نے بھی خطاب کیا ،چیف جسٹس نے کہا کہ حکومت کے جن اداروں میں کام کی سمت درست نہیں وہاں صوبے کی اعلیٰ عدلیہ کو اختیار ہے کہ مداخلت کر کے سرکاری محکموں کی سمت کو درست کیا جائے جس طرح گزشتہ روز وندر RHC کے دورے پر جو حالت زار دیکھی گئی اس بارے مین سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان سے رابطہ کیا گیا ہے کیونکہ عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے انھوں نے کہا کہ سرکاری محکموں میں لیگل ایڈوائزر کی تعیناتی اپنوں کو ترجیحی دینے کے بجائے اگر میرٹ پر تعیناتی کی جائے تو بات کا اعتراف کیا ہے کہ گورنر کا منصب عمومی سیاست کی اجازت نہیں دیتا۔لیکن قائمقام گورنر ہوتے ہوئے وہ چیف ایگزیکٹیو وزیر اعلیٰ جام کمال کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔انہوں نے موصوف کی اس بات کا بھی حوالہ دیا کہ جام صاحب کی کارکردگی ماضی کے وزرائے اعلیٰ کے مقابلے میں بہتر نہیں ۔موصوف نے خاص طور پر دو سابق وزرائے اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور نواب ثنا ء اللہ زہری کی کارکردگی کو ان سے بہت بہتر قرار دیا۔

7 بقیہ

کے آفیسر حسین درانی کو وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات تعینات کردیا گیا۔

8 بقیہ

نے جمعیت علمائے اسلام حلقہ کوٹوال یونٹ کے امیر مولانا حافظ محمد یوسف رحیمی اور سکرٹری اطلاعات حاجی حبیب الرحمن کاٹوی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا جمعیت علما اسلام کے پارلیمانی لیڈر اور بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ گیس پریشر نے عوام کی زندگی کو اجرن بنا دیا ہے حکومت گیس پریشر کی کمی کو دور کرنے کیلئے خصوصی طور پر اقدامات اٹھائے عوام کو زندگی کے ہر قسم سہولیات فراہم کرے انہوں نے کہا کہ عوام کے دیرینہ مسائل سے غافل نہیں ہے عوام کی زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت وقت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علما اسلام عوامی مسائل کے حل کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گی

9 بقیہ

دریافت نہیں ہوئے ،جس کی وجہ سے ڈیمانڈ اور سپلائی میں فرق بڑھتا رہا ،ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور اور کھانے کے اور ہیں ،گیس کی ایلوکیشن ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی حکومتوں نے کی تھی ، سندھ حکومت نے معاونت نہیں کی اور پائپ لائن نہیں بنانے دی ،حکومت سندھ کی مجرمانہ غفلت ہے ، پاکستان کے ہر شہری کا حق یکساں ہے ، ہم ریونیو ل انرجی کی طرف جائیں گے ۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس چیئرمین صادق سنجرانی کی صدارت میں ہوا ، اجلاس کے دوران سینیٹر سرفراز بگٹی نے کہا سوئی ایک جگہ کا نام ہے وہاں آج بھی گیس نہیں ہے،ہر فورم پر بات کی ہے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی پورے پاکستان میں انڈسٹری گیس سے چل رہی ہے ، لیکن وہاں خواتین آج بھی لکڑیاں جلا رہی ہیں ،سرفراز بگٹی نے سوئی کو گیس کی عدم فراہمی پر احتجاج کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ کے ڈائس کے سامنے دھرنا دے دیا اور بعد میں ایوان سے واک آؤٹ کر گئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ متعلقہ وزیر پیر کو اس بارے میں جواب آ کر ایوان کو جواب دیں ،اس موقع پر حکومتی سینیٹرز سرفراز بگٹی کو منا کر واپس لے آئے ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینیٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا کہ بلوچستان سے گیس نکلتی ہے بلوچستان میں گیس سے بجلی پیدا ہو رہی ہے لیکن ہم محروم ہیں ہمیں کچھ نہیں مل رہا ،اس موقع پر سینیٹر جہانزیب جمالدینی ،سرفراز بگٹی ، سینیٹر میر کبیر اور عثمان خان کاکڑ سمیت بلوچستان کے دیگر سینیٹرز نے چیئرمین سینیٹ کے ڈائس کے سامنے دھرنا دے دیا ،تاہم وزیر توانائی عمر ایوب خان کی یقین دہانی پر دھرنا ختم کر دیا گیا چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ میرے حلقے میں بھی گیس نہیں ہے اس پر بھی احتجاج کریں؟ مسلم لیگ ن کے سینیٹر مشاہد اللہ خان نے کہا کہ یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے ، ہم آپ کے مطالبات کے ساتھ ہیں

10 بقیہ

میں شرکت کی ، اجلاس میں یشین اور قلعہ عبداللہ کے آبادی اور رقبہ کی بنیاد پر نئے اضلاع کی تشکیل سے اتفاق کرتے ہوئے کمیٹی تشکیل دی گئی جو نئے اضلاع کے قیام کے لئے تمام عوامل کا جائزہ لے کر پندرہ دن کے اندر رپورٹ پیش کرے گی اور کمیٹی کی رپورٹ کے جائزہ کے لئے اجلاس منعقد کر کے نئے اضلاع کے قیام کی حتمی منظوری دی جائے گی ،اجلاس میں کوئٹہ ضلع کو تقسیم کر کے مزید اضلاع کے قیام اور کوئٹہ ڈویژن کی تقسیم سے متعلق امور کے جائزہ کے لئے کوئٹہ ڈویژن کے اراکین صوبائی وقومی اسمبلی ،سینئر ایم پی آر ،ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی وترقیات ،سیکریٹری خزانہ اور کمشنر کوئٹہ پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی گئی ، وزیر اعلیٰ نے ضلع کوئٹہ میں مزید دو نئی ریونیو تحصیلوں اور دو سب ڈویژنوں کے قیام کے لئے بورڈ آف ریونیو کی جانب سے ارسال کی گئی سمری سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ اس کی منظوری دے دی جائے گی ، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سینئر ممبر بورڈ ریونیو کو صوبہ بھر میں آبادی ، رقبے اور دستیاب سہولتوں کے عوامل کو سامنے رکھتے ہوئے ضرورت کے مطابق نئی تحصیلوں اور اضلاع کے قیام کا جائزہ لینے کے لئے سٹیرنگ کمیٹی کے قیام کی ہدایت کی جو ڈویژنل کمشنر کے اشتراک سے ایک جامع ڈیٹا بیس تیار کرے گی ، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بدقسمتی سے کبھی بھی مستقبل کے تقاضوں کے مطابق منصوبہ بندی نہیں کی گئی اور وقتی طور پر مسائل کو حل کیا گیا جس کی وجہ سے مسائل میں اضافہ ہوا ، دیہی علاقوں میں سہولیات کے فقدان سے شہری علاقوں میں آبادی کا دباؤ بڑھ رہا ہے جس کی وجہ سے ان علاقوں میں بھی سہولیات کم ہو رہی ہیں

11 بقیہ

قرار دے دیا ، عدالت نے خصوصی عدالت کی تشکیل اور آرٹیکل 6 میں کی جانے والی ترمیم ، کریمنل لا اپیلیٹ کورٹ ترمیمی ایکٹ 1976 کی دفعہ 4 کو بھی کالعدم قرار دے دیا اور کہا کہ آرٹیکل 6 کے تحت ترمیم کا اطلاق ماضی سے نہیں کیا جاسکتا۔ پیر کو جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی کی سربراہی میں لاہور ہائی کورٹ کے تین رکنی فل بنچ نے خصوصی عدالت کی تشکیل کے خلاف پرویز مشرف کی درخواست پر سماعت کی ۔وفاقی حکومت کی طرف سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل اشتیاق اے خان پیش ہوئے اور خصوصی عدالت کی تشکیل کی سمری اور ریکارڈ عدالت میں پیش کرتے ہوئے بتایا کہ پرویز مشرف کے خلاف کیس سننے والی خصوصی عدالت کی تشکیل کا پینل کی منظوری کے بغیر ہوئی۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل اشتیاق احمد خان نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے سیکرٹری داخلہ کو پرویز مشرف کے خلاف کمپلینٹ درج کروانے کی ہدایت کی ، 18ویں ترمیم کے بعد وفاقی حکومت کو یا نیا نوٹیفکیشن جاری کرنا چاہئے تھا یا پرانے نوٹیفکیشن کی تصدیق کرتی ، 18ویں ترمیم میں آرٹیکل 6 میں اضافہ اور معطل رکھنے کے الفاظ شامل کئے گئے ، ایمرجنسی میں بنیادی حقوق معطل کئے جا سکتے ہیں ۔جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا کہ ضیاء الحق نے کہا تھا کہ آئین کیا ہے؟ 12 صفحوں کی کتاب ہے، اس کتاب کو کسی وقت پھاڑ کر پھینک دوں ، یہ آئین توڑنا تھا ، ایمرجنسی تو آئین میں شامل ہے ، اگر ایسی صورتحال ہو جائے کہ حکومت ایمرجنسی لگا دے اس حکومت کیخلاف بھی غداری کا مقدمہ چلے گا؟ ، ایمرجنسی لگائی جائے گی تو پھر اس کا تعین ہوگا کہ کیا ایمرجنسی آئین کے مطابق لگی یا نہیں ، سلسلہ چل گیا نا جس کو جو چیز مناسب لگا وہ ہی کرے گا۔

12 بقیہ

یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں شدید برفباری اور بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر دکھ اور افسوس کا اظہار ہوں انہوں نے کہا کہ حکومت جانی و مالی نقصان پہنچنے پر متاثرہ خاندانوں کیلئے ریلیف پیکج کا اعلان کرے انہوں نے کہا کہ برف باری و بارشیں اللہ تعالیٰ کے طرف سے بہت بڑی نعمت ہے لیکن ہماری کمزوریوں و کوتاہیوں سے یہ بعض اوقات ہمارے لیئے زحمت بھی بن جاتی ہیں قدرتی آفات کو ہمیں صبر وتحمل سے برداشت کر کے اللہ پاک کا شکر ادا کرنا چاہیئے انہوں نے کہا کہ صوبہ گذشتہ کئی سالوں سے قحط سالی کا شکار رہا اب بارشوں و برفباری سے صورتحال میں بہتری آئی انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں صورتحال کا بروقت نوٹس لیتی تو شائد ہم اتنی جانی و مالی نقصان سے بچ سکتے تھے انہوں نے کہا کہ صوبے میں شدید سردی سے کئی خطرناک امراض بھی پھوٹ رہے ہیں جنکا بروقت حکومت کو نوٹس لینا چاہیئے سردی میں لوگ گیس کی سہولت سے محروم ہیں اور بجلی کی فراہمی بھی اکثر اوقات معطل رہتی ہے لوگ ابلور

ایندھن جنگلات کو کاٹ کر اپنا گذر بسر کر رہے ہیں جس سے ماحولیات کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں

13 بقیہ

ملک عبدالولی کاکڑ، پاکستان مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے صدر شیخ جعفر خان مندوخیل، مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزراء انجینئر زمرک خان اچکزئی، حاجی محمد خان طور اتمانخیل، حاجی مشا خان کاکڑ، وزیر اعلیٰ کے میڈیا کوارڈینیٹر محمد عظیم کاکڑ، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان علاؤ الدین مری، سینیٹرز نصیب اللہ بازئی، انور الحق کاکڑ، بابر کہدہ، رشید خان ناصر، ملک مجید کاکڑ نے میکانگی روڈ پر ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد بزدل ہیں جو چھپ کر وار کرتے ہیں سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانا قابل مذمت عمل ہے سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کے باعث آج صوبے میں امن قائم ہے دہشتگرد ایک بار پھر صوبے کی پر امن ماحول کو خراب کرنے میں مصروف ہیں

14 بقیہ

شاہراہوں کو فی الفور دورہ کرنا چاہیے ۔گیس بجلی پانی وصحت کے مسائل حل کی ضرورت ہے حکمران بلوچستان کے عوام سے صرف وعدے کرتے ہیں ۔جماعت اسلامی بلوچستان کے مسائل کو اجاگر اور حل کرنے کی ہر سطح پر کوشش کر رہی ہے بلوچستان کے صنعتی تجارتی سرحدی شہر حب لسبیلہ کے عوام کے دیرینہ مسائل بجلی لوڈشیڈنگ ،پانی کی عدم دستیابی اور تعلیم وصحت کے مسائل پر توجہ دی جائیں ۔ان خیالات کا اظہار انہوں حب چوکی لسبیلہ میں قبائلی عمائدین جماعت اسلامی کے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی ہی حل کرسکتی ہے دیگر جماعتیں عوام سے صرف وعدے کرتے ہیں عمل درآمد کے بجائے حکومت ملنے کے بعد عوام کو منہ بھی نہیں دیکھاتے جس کی وجہ سے عوام کا اعتماد خراب ،اچھی سیاسی جماعتیں بھی بدنام ہوئی ۔جماعت اسلامی کی دیانت وخدمت کی سیاست جاری رہے گی ہم خدمت وعوامی جدوجہد کرتے رہیں گے۔

15 بقیہ

ودیگر نے کہا کہ بیروزگاری اور مہنگائی کے طوفان نے عوام کا جینا محال کرچکا ہے فرسودہ نظام نے ملک کو غربت مہنگائی بے روزگاری اور بدامنی کی دلدل میں دھکیل دیا پیٹرولیم مصنوعات مہنگا کرنے نے عوام کے اوسان خطا کر دیئے ہیں جو بھی اقتدار سنبھالتا ہے، مہنگائی اور ٹیکسوں کا کوڑا پکڑ کر آتا ہے اور عوام پر برسانا شروع کردیتا ہے عوام کی احتجاجی اور مہنگائی میں سابقہ حکومتوں سے بھی ایک قدم آگے نکل چکے اس وقت ملک بدامنی' مہنگائی' بیروزگاری کی آماجگاہ بن گیا ہے روزگار تو چھینے جارہے تھے اب عوام سے جینے کا حق بھی چھین رہا ہے سولہ مہینوں میں عوام نے تبدیلی صرف مہنگائی کی شکل وصورت میں دیکھ لیا گزر گئے

16 بقیہ

طویل لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر میں کمی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حنفی 8 سینئی گریڈ میں بھی کوئٹہ کے عوام کو گیس اور بجلی جیسے بنیادی سہولیات میسر نہیں ہے کوئٹہ میں مختلف مقامات میں گیس سے دم گھٹنے کے باعث جو ہلاکتیں ہوئے ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام ذمہ دار ہیں کیونکہ گیس فراہم نہیں کی جارہی تو بل لینے کا کوئی حق نہیں ہے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں اور برفباری کے باعث ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں حکومت صوبے کے مختلف علاقوں میں برفباری سے متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے اپنے جاری کردہ بیان میں میر علی مدد جتک نے کوئٹہ میں گزشتہ 72 گھنٹوں سے بجلی کی عدم فراہمی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں سریاب روڈ، کسٹم ہائیلی، نواں کلی، عالموں چوک سمیت دیگر علاقوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ گیس پریشر میں کمی کے باعث بھی لوگوں کو گیس جیسے بنیادی سہولیات میسر نہیں ہے کیونکہ بلوچستان سے نکلنے والی گیس یہاں کے پانچ اضلاع کے عوام کو دستیاب نہیں ہے جس پر افسوس کا اظہار کرسکتے ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام اپنا رویہ تبدیل کرے ان کی نااہلی کی وجہ سے اب تک 10 افراد کی اموات ہوچکی ہے ان افراد کی اموات کے ذمہ دار سوئی سدرن گیس حکام ہیں ان کیخلاف باقاعدہ مقدمہ درج ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بھی اقدامات نہیں کیا جارہا ہے صوبے کے مختلف علاقوں مستونگ اور کان مہتر زئی کے مقامات پر بنزاروں افراد پھنسے ہوئے ہیں اس کیلئے اب تک کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ۔

17 بقیہ

ٹرانسپورٹ میر عمر جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان کوئی اختلافات نہیں ہیں اتحادیوں کے درمیان اچھے روابط قائم کرنا ہر کسی کا حق بنتا ہے کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے کیلئے گرین بس کا منصوبہ آخری مراحل میں ہے آئندہ چند ماہ میں اس کا افتتاح کر دیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے ہمیشہ صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور جلد عوام کو ریلیف فراہم کیا جائیگا بلوچستان حکومت نے مختصر مدت میں ریکارڈ ترقیاتی کام کردیئے انہوں نے کہا کہ سی پیک میں ہمارے نوجوانوں کیلئے روزگار کے حوالے سے بہت سے مواقع موجود ہیں لیکن ہمارے پاس ٹیکنیکل اور کوالیفائیڈ نوجوانوں کی کمی ہونے کی وجہ سے کچھ مشکلات ہے اس سلسلے میں ہم دوسرے صوبوں کو مدد لیکر اپنے نوجوانوں کو ٹریننگ دینگے تاکہ آئندہ وقت میں وہ بلوچستان کی مستقبل کو سنوارنے میں اپنا کردار ادا کریں

18 بقیہ

کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں مسلسل ہونے والے بم دھماکے سے بدامنی پیدا ہوگی بلوچستان حکومت ترقیاتی عمل کے ساتھ ساتھ امن وامان کی صورتحال پر بھی توجہ دے جب صوبے میں امن نہیں ہوگا تو ترقی کی کوئی معانی نہیں ہے پاکستان مسلم لیگ (ن) موجودہ وفاقی حکومت کی پالیسیوں کو مسترد کرتی ہے موجودہ حکومت جان بوجھ کر ملک کو بحرانوں کی طرف دھکیلنے کی کوشش کررہے ہیں جس سے مزید مسائل پیدا ہونگے انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری نے جس طرح کہا ہے کہ آرمی ایکٹ کی منظوری کے بعد مسلم لیگ (ن) میں دراڑیں پیدا ہونگے تو یہ ان کی خام خیالی ہے مسلم لیگ (ن) پہلے سے مضبوط ہے انہوں نے کہا کہ پارٹی قیادت جلد بلوچستان کا دورہ کریگے اور بلوچستان کے عوام کے مسائل سنیں گے کیونکہ مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں بلوچستان میں ترقی ہوئی ہے موجودہ حکومت کے 16 ماہ گزرنے کے باوجود صوبے میں کوئی ترقیاتی منصوبہ نظر نہیں آرہا اور نہ ہی صوبے کی ترقی کے حوالے سے کوئی اقدامات اٹھائے گئے ہے

19 بقیہ

دیرینہ کے حل کے لیے کوشاں وسائل میں رہتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کروںگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے تفتان شہر کے مختلف ترقیا

ایران کیساتھ جنگ نہیں چاہتے لیکن جنگ مسلط کی گئی تو امریکہ بھی اختتام تک جانے کو تیار ہے (امریکی وزیر دفاع کا ایرانی حملوں کے بعد بیان)

ایران کا امریکی فوجی اڈوں پر میزائل حملہ سے 80 افراد کی ہلاکت کا دعویٰ

ایران کی جانب سے عراق میں امریکہ کے عین الاسد اور اربیل میں واقع دو فوجی اڈوں پر ایک درجن سے زائد بیلسٹک میزائل فائر کیئے گئے اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت اپنے دفاع میں کارروائی کی، (جواد ظریف)

پاسداران انقلاب کی اسرائیل پر حملے کی دھمکی، نیٹو کا اپنے اہلکاروں کو عراق جبکہ امریکہ کا کویت سے فوجی انخلاء کا فیصلہ، اب تک سب ٹھیک ہے ایرانی حملے میں ہونے والے نقصانات اور ہلاکتوں کا اندازہ لگایا جارہا ہے (ڈونلڈ ٹرمپ)

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ عراق میں کیے گئے امریکی فوجی اڈوں پر حملے میں 80 افراد ہلاک ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق ایران کی جانب سے عراق میں 2 فوجی اڈوں پر 12 سے زائد زمین سے زمین پر مار کرنے والے ایرانی میزائل داغے گئے۔ ایران کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ حملے میں 80 افراد ہلاک ہوئے۔ امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے بھی عراق میں امریکی فوج کے اڈے پر حملے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ایران نے عراق میں 2 فوجی اڈوں پر ایک درجن سے زائد میزائل داغے گئے۔ "آپریشن سلیمانی" ایرانی سرکاری ٹی وی کے مطابق پاسداران انقلاب نے امریکا کو دوبارہ جارحیت پر شدید ردعمل کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ یہ جنرل قاسم کی ہلاکت پر جوابی کارروائی ہے، اس حملے کا نام "آپریشن سلیمانی" رکھا گیا ہے، ملٹری بیس پر کامیاب حملہ کیا گیا ہے اور امریکا نے حملے کا جواب دیا تو تباہ کن ردعمل دیں گے۔ فرانسیسی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے اسرائیل پر حملے کی بھی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ امریکی جارحیت میں معاون ممالک کو بھی نشانہ بنایا جائے گا۔ وائٹ ہاؤس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عراق میں ملٹری بیس پر حملے سے آگاہ ہیں، صدر ٹرمپ کو عراق میں راکٹ حملے کا بتادیا گیا اور امریکا صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ "اب تک سب ٹھیک ہے" اس متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اب تک سب ٹھیک ہے، ہمارے پاس دنیا کی سب سے بہترین اور طاقتور فوج ہے۔ عراق میں 2 فوجی اڈوں پر ایرانی میزائل حملے میں ہونے والے نقصانات اور ہلاکتوں کا اندازہ لگایا جارہا اور میں اس ضمن میں بدھ کی صبح بیان جاری کروں گا۔ اس سے قبل ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایرانی جنرل قاسم کی ہلاکت امریکیوں کے قتل کا بدلہ ہے، ایران نے جوابی کارروائی کی تو ہم دوبارہ حملہ کرنے کو تیار ہیں، ایران نے کوئی کارروائی کی تو خمیازہ بھگتے گا۔ "کسی بھی جارحیت کیخلاف اپنا دفاع کریں گے" ایرانی وزیر خارجہ جواد ظریف نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ ایران کی جانب سے مناسب جواب مکمل ہوگیا، اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت اپنے دفاع میں کارروائی کی، ہم کوئی جنگ نہیں چاہتے لیکن کسی بھی جارحیت کیخلاف اپنا دفاع کریں گے۔ "امریکا کے خلاف صرف فوجی حملہ کافی نہیں" ایرانی میڈیا کے مطابق عراق میں امریکی فوجی اڈوں پر حملوں کے بعد ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایرانی قوم آج دنیا کے غنڈوں کے خلاف متحد ہوگئی ہے، امریکی اور اتحادی افواج پر حملہ کامیاب رہا، امریکا جہاں بھی جاتا ہے، تباہی اور فساد لاتا ہے لیکن ایران..... (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ایران کو اپنا جوہری پروگرام فوراً روکنا ہوگا ڈونلڈ ٹرمپ

ایران کی جانب سے میزائل حملوں میں امریکی یا ایرانی فوجی کوئی زخمی تک نہیں ہوا جو خوشی کی بات ہے

ہر اس فریق کے ساتھ امن اختیار کرنے کو تیار ہیں جو واقعی امن چاہتا ہے، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی جانب سے عراق میں امریکا کے فوجی اڈوں پر میزائل حملوں کے بعد وہائٹ ہاؤس میں اہم پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس کے آغاز میں ہی انہوں نے کہا کہ جب سے میں امریکا کا صدر ہوں میں نے ایران کو جوہری بم بنانے کی اجازت نہیں دی۔ امریکی صدر کے خطاب کے اہم نکات ایرانی حملے میں کسی امریکی کو نقصان نہیں پہنچا اور اس عمارت کو صرف معمولی نقصان پہنچا جہاں امریکی فورسز موجود ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایران پسپائی اختیار کررہا ہے جو کہ دنیا کیلئے اچھی بات ہے۔ امریکا ایران پر اضافی سخت پابندیاں عائد کرے گا جب تک میں امریکا کا صدر ہوں ایران کبھی جوہری ہتھیار نہیں بنا سکتا یورپی ممالک، روس اور چین سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ایران سے 2015 میں ہونے والے جوہری معاہدے کو ختم کریں۔ ہر اس فریق کے ساتھ امن اختیار کرنے کیلئے تیار ہیں جو واقعی امن چاہتا ہے عراق میں امریکی فوجی اڈوں پر حملے کے حوالے سے ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکی عوام کے لیے یہ خوشی کی بات ہے کہ ایران کی جانب سے حملے میں کوئی بھی زخمی نہیں ہوا، ہمارے تمام فوجی محفوظ ہیں تاہم ایئر بیس پر معمولی نقصان ہوا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق ایران نے نہ صرف خطے کو عدم استحکام کی صورتحال سے دوچار کیا بلکہ خود اپنے ملک میں بھی ایران نے اپنے عوام پر سخت اور جابرانہ تسلط قائم کر رکھا ہے، ایران میں حالیہ ہونے والے مظاہروں میں سیکڑوں ایرانی شہریوں کو احتجاج کرنے پر قتل کردیا گیا۔ قدس فورس کے کمانڈر قاسم سلیمانی کے حوالے سیامریکی صدر کا کہنا تھا کہ قاسم سلیمانی امریکا پر مزید حملوں کی منصوبہ بندی میں مصروف تھے لیکن ہم نے انہیں روک دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ قاسم سلیمانی متعدد افراد کے قتل کے ذمہ دار تھے اور انہوں نے خطے کو عدم استحکام کرنے کے لیے حزب اللہ سمیت متعدد عسکریت پسند گروہوں کو تربیت فراہم کی اور عام شہریوں پر دہشت گردانہ حملے کروائے۔ ٹرمپ کے مطابق قاسم سلیمانی نے خطے میں خونی سول وار کو ایندھن فراہم کیا اور ہزاروں امریکی فوجیوں کو ہلاک اور زخمی کیا۔ انہوں مزید کہا کہ قاسم سلیمانی نے ہی گذشتہ دنوں عراق میں امریکیوں پر حملے کا حکم دیا تھا جس میں 4 امریکی اہلکار شدید زخمی جب کہ ایک امریکی ہلاک ہوا تھا جب کہ بغداد کے امریکی سفارت خانے پر حملے کا منصوبہ بھی جنرل قاسم نے ہی ترتیب دیا تھا۔ امریکی صدر نے ایران اور یورپی ممالک کی جوہری ڈیل پر تنقید کرتے ہوئے اسے ناقص قرار دیا، ان کا کہنا تھا کہ ایران نے یہ ڈیل حال ہی میں ختم کرنے کا اعلان کیا ہے اور اب ایران کو جوہری اسلحہ..... (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

مقالہ خصوصی

اکبر حسین درانی کی تعیناتی

وفاقی حکومت نے اکبر حسین درانی کو وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بنا دیا ہے ان کی تعیناتی زاہدہ پروین کی جگہ عمل میں لائی گئی اکبر حسین درانی کا تعلق بلوچستان سے ہے اور انتہائی قابل اور ایماندار بیوروکریٹ ہیں کیپٹن (ر) اکبر حسین درانی نے بلوچستان میں مختلف حیثیت سے خدمات سرانجام دی ہیں محکمہ اطلاعات بلوچستان میں بطور ڈائریکٹر تعلقات عامہ بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں سینئر صحافیوں سے ان کے اچھے مراسم رہے ہیں اور صحافی برادری انکی قابلیت کی معترف ہے بلوچستان میں جب امن وامان کی صورتحال خراب تھی صوبائی سیکرٹری داخلہ کی حیثیت سے حالات کو معمول پر لانے کیلئے ان کی بہت بڑی خدمات ہیں وہ نامساعد حالات میں سیکرٹری داخلہ ہوتے ہوئے بلوچستان کے ہر ضلع کا دورہ کرتے اور امن وامان کے سلسلے میں اقدامات کا جائزہ لیتے رہے بعد ازاں صوبے میں محکمہ خزانہ میں ہونے والی مبینہ مالی بدعنوانیوں کے بعد انہوں نے بطور صوبائی خزانہ صوبے کے مالی معاملات کو درست کیا اور تمام غیر ضروری اقدامات اور اخراجات کی حوصلہ شکنی کی اکبر حسین درانی ایک اچھے منتظم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کوآپریٹو شخصیت کے مالک ہیں اس کا ثبوت انہوں نے 2018 کے انتخابات میں دیا جب انہیں چیف سیکرٹری پنجاب تعینات کیا گیا وہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے پہلے بیوروکریٹ تھے جنہیں پنجاب جیسے سب سے بڑے صوبے کا چیف سیکرٹری لگایا گیا اور انہوں نے دوران تعیناتی حکومتی مشینری کو مکمل طور پر عوام کی خدمت اور گڈ گورننس قائم کرنے کی ترغیب دی انہوں نے دوران تعیناتی اپنے تجربے سے مالی ڈسپلن قائم کیا وفاقی حکومت کی جانب سے بطور وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات نہ صرف احسن اقدام ہے بلکہ حکومت ان کی خدمات سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتی ہے اور حکومت پریس کے تعلقات بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ اخبارات اور صحافیوں کے مسائل بھی خوش اسلوبی سے طے ہوجائیں گے امید ہے کہ حکومت ان کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حکومت اور پریس کو ایک پیج پر لے آئے گے۔ اور اکبر حسین درانی بلوچستان کے اخبارات اور صحافیوں کو قومی سطح کے ہر فورم میں اہمیت اور نمائندگی دے کر اب تک نظر انداز کئے جانے والے سلسلے کو ختم کرینگے صوبے کی اخباری صنعت بھی ان کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت کا بہترین فیصلہ قرار دے رہی ہیں۔

دلچسپ و عجیب

چین میں برف سے بنی عمارات اور شاہکار پر سیاحوں کا ہجوم

چین میں ہربن آئس فیسٹول میں اس سال ڈیڑھ کروڑ سے زائد سیاحوں کی آمد متوقع ہے

چین (مسائل نیوز) چین کے شہر ہربن میں رنگ برنگی روشنیوں سے منور برف سے بنے ایسے منور شاہکار تخلیق کیے گئے ہیں جنہیں دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے، اس میلے کو تاریخی اہمیت حاصل ہے جو ہربن میلہ برائے برف' کے نام سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ 1999ء سے جاری اس میلے میں چینی دیومالائی اژدہے، خوبصورت عمارتیں، مجسمے اور بہت پیچیدہ عمارتیں 100 فیصد برف سے ہی تراشی جاتی ہیں۔ اب حال یہ ہے کہ یہ موسم سرما کی ایک تفریحی روایت بن چکا ہے۔ گزشتہ 21 برس سے جاری یہ میلہ سال بہ سال بڑھتے بڑھتے دنیا کا سب سے بڑا سنو اینڈ آئس فیسٹول بن چکا ہے۔ یہاں بہترین برفیلے فن پاروں کا مقابلہ بھی ہوتا ہے اور برف تراشنے والے فنکاروں کو انعامات بھی دیئے جاتے ہیں۔ واضح رہے کے ہربن شہر دنیا کے سرد ترین علاقوں میں سے ایک ہے لیکن شدید ٹھنڈ میں لوگ اسے دیکھنے ضرور آتے ہیں۔ بعض افراد کے مطابق برف سے بنے شاہکار بنانے کا سلسلہ یہاں 1999ء سے قبل شروع ہوا تھا لیکن اسے بین الاقوامی پذیرائی 1999ء سے ملنا شروع ہوئی اور اب دنیا بھر میں ہربن فیسٹول کا نام مشہور ہوچکا ہے۔ اس سال برف سے بنے شاہکاروں نے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی سے تراشی ہوئی اشیا کو ایک نیا روپ دیا گیا ہے۔ پانچ جنوری سے اس شہر برفاں کا آغاز ہوچکا ہے اور کل 2 لاکھ مربع میٹر برف سے تعمیرات بنائی گئی ہیں، اس بار ڈیڑھ لاکھ سیاح ایسے دیکھنے آئیں گے۔ میلے کی انتظامیہ کے مطابق خاص تربیت یافتہ ماہرین ہی کوئی اچھا فن پارہ ڈھال سکتے ہیں اور ایک مجسمے پر کام کرتے ہوئے کئی ماہ صرف ہوجاتے ہیں۔



کار حادثے کے بعد عام شخص بہترین مصور بن گیا

نارتھ کیرولائینا (مسائل نیوز) بعض لوگ حادثاتی طور پر کچھ سے کچھ بن جاتے ہیں لیکن ایک امریکی شخص کار کے شدید حادثے کے بعد بہترین مصور اور پینٹر بن چکا ہے اور اس نے زندگی میں کبھی سنجیدہ مصوری نہیں کی۔ 42 سالہ اسکاٹ میل کا تعلق نارتھ کیرولینا کے علاقے ولمنگٹن سے تھا، وہ 2015ء میں اپنی کار میں بیٹھے ایک چوراہے کو عبور کرنے کی کوشش کررہے تھے کہ مخالف سمت سے آنے والی کار کی ٹکر سے شدید زخمی ہوئے جس کے باعث ان کے سر پر گہری چوٹیں آئیں۔ ہوش آنے پر وہ غم اور مایوسی کے شکار ہوئے کیونکہ کئی مرتبہ انہیں محسوس ہوا کہ اب ان کی شخصیت بدل چکی ہے۔ پھر اچانک ان میں جنون پیدا ہوا کہ وہ مصوری اور پینٹنگ کریں حالانکہ وہ پہلے اس سے وابستہ نہ تھے۔

حادثے سے قبل وہ کاروں کے شوروم میں ملازم تھے۔ رنگ اور برش خریدنے کے بعد انہوں نے کینوس پر شاندار تصاویر بنانا شروع کیں جسے دیکھ کر لوگ حیران رہ گئے۔ ماہرین نے ان کا جائزہ لے کر کہا ہے کہ وہ ایک نایاب دماغی کیفیت کے شکار ہیں جسے 'سیونٹ سنڈروم' کہا جاتا ہے اور اب تک پوری دنیا میں صرف ایسے 33 مریض ہی ملے ہیں۔ سیونٹ سنڈروم کے شکار ہونے والے افراد اچانک کوئی نیا علم یا ہنر حاصل کرتے ہیں۔ اس سے قبل وہ زندگی میں بہت پیسہ کمانا چاہتے تھے لیکن اب اسکاٹ کہتے ہیں کہ وہ میری زندگی تھی جس کی مجھے پروا نہیں، مجھے اپنے دوستوں کی کوئی پروا نہیں اور نہ ہی کسی کی فکر ہے۔ مصوری کا سامان خریدنے کے بعد انہوں نے سوچا کہ وہ کبھی مصور نہیں رہے تاہم انہوں نے مصوری شروع کی تو از خود ساری پینٹنگ بہتر سے بہترین بنتی رہی۔ اب وہ سیکڑوں تصاویر بنا چکے ہیں جس سے لگتا ہے کہ ان کے اندر ایک خوابیدہ پینٹر بیدار ہوچکا ہے۔ صرف اسی پر بس نہیں وہ کہتے ہیں کہ پینٹنگ سے ان کا وجود مکمل ہوگیا ہے۔ اب وہ کار کے شوروم پر بھی کام نہیں کرنا چاہتے۔

یہ اسکول میں پڑھنے والی لڑکی نہیں، 42 سالہ آدمی ہے!

تانی تاکوما چاہے کچھ بھی کریں، ہمیشہ اسکول میں پڑھنے والی ایک کمسن لڑکی کے روپ میں دکھائی دیتے ہیں

ٹوکیو (مسائل نیوز) یاد ش بخیر، ابن انشاء مرحوم نے "چلتے ہو تو چین کو چلیے" میں چینیوں کے عمر چور ہونے کے بارے میں لکھا تھا کہ اچھے خاصے عمر رسیدہ ہونے کے باوجود، چین کے بزرگ بھی اپنی اصل عمر کے مقابلے میں بہت چھوٹے، بلکہ نوجوان نظر آتے ہیں۔ جاپان سے آنے والی یہ خبر دیکھ کر ہمیں بے اختیار انشاء جی مرحوم کے ساتھ ساتھ ڈسٹن ہوفمین کی "ٹوٹسی" اور معین اختر مرحوم کا "روزی" بھی یاد آگئے۔ اگر آپ صرف اس خبر کے ساتھ دی گئی تصویر کی بنیاد پر فیصلہ کریں گے تو یہی سمجھیں گے کہ یہ اسکول میں پڑھنے والی کوئی چھوٹی سی بچی ہے۔ لیکن آپ غلط ہیں! دراصل یہ 42 سالہ "شادی شدہ" جاپانی "صاحب" ہیں جو خود کو "تانی تاکوما" کہلواتے ہیں۔ یہ صاحب 1977ء میں پیدا ہوئے اور شوق کے ہاتھوں مجبور ہو کر اداکاری، صداکاری، گلوکاری اور موسیقی کے میدان میں آگئے۔ البتہ جب وہ 34 سال کے ہوئے تو انہوں نے ایک عجیب وغریب فیصلہ کیا: باقی کی تمام زندگی کیلیے ایک کمسن لڑکی کا روپ دھار لیا جائے۔ تب سے لے کر آج تک چاہے وہ کسی اشتہار میں کام کریں، کسی اسٹیج ڈرامے میں پرفارم کریں، کسی فلم میں جلوہ گر ہوں یا پھر سازندوں کی قطار میں بیٹھ کر کوئی دھن ہی کیوں نہ بجائیں، وہ ہمیشہ اسکول میں پڑھنے والی ایک کمسن لڑکی کے بھیس میں رہتے ہیں۔ اپنی

اصل عمر سے کہیں کم اور مرد کے بجائے لڑکی نظر آنے کا انہیں بہت فائدہ ہوتا ہے کیونکہ ڈراموں اور اشتہارات میں انہیں بڑی آسانی سے (صرف اپنے ظاہری خدوخال کی بنیاد پر) کام مل جاتا ہے۔ اگرچہ بہت سے لوگوں پر ان کی اصلیت کھل چکی ہے لیکن حقیقی زندگی میں وہ کمسن لڑکی کا کردار اس خوبی سے نباہ رہے ہیں کہ لوگوں نے انہیں "کمسن اور باصلاحیت جاپانی لڑکی" کی حیثیت سے قبول کرلیا ہے۔

ویڈیو گیم کھیل کر 30 دن میں 20 پاؤنڈ وزن کم کرنے کا دعویدار نوجوان

منیلا (مسائل نیوز) فلپائن کے ایک نوجوان مگوئی گیبریل نے اپنی حالیہ فیس بک پوسٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ اس نے صرف ویڈیو گیم کھیل کر ایک مہینے میں اپنا وزن 20 پونڈ کم کرلیا ہے۔ البتہ یہ کوئی عام ویڈیو گیم نہیں بلکہ مشہور کمپنی "نائنٹینڈو" کا بنایا ہوا "رنگ فٹ ایڈونچر" ہے جو روایتی ویڈیو گیمز سے ہٹ کر ہے۔ اگر آپ کو اس کمپنی کا نام یاد نہیں آرہا تو بتاتے چلیں کہ "ماریو برادرز" اور "سپر ماریو" جیسے مشہور گیمز اسی کمپنی نے بنائے تھے جو آج تک مقبول ہیں۔ لیکن اس کمپنی کا نیا ویڈیو گیم "رنگ فٹ ایڈونچر" سابقہ روایات سے بالکل مختلف ہے کیونکہ اسے کرسی یا صوفے پر بیٹھ کر کھیلا نہیں جاسکتا بلکہ کھلاڑی کو گیم کھیلتے دوران کھڑے رہنا پڑتا ہے جبکہ ورزشی انداز میں اچھل

کود اور حرکت کرنی پڑتی ہے۔ گیم کھیلتے دوران اسی جسمانی حرکت کے نتیجے میں وزن بتدریج کم ہونے لگتا ہے اور یہ گیم مسلسل کھیل کر آپ بھی فٹ اور اسمارٹ رہ سکتے ہیں۔ نائنٹینڈو کمپنی نے ویڈیو گیمز پر اٹھائے جانے والے اعتراضات کو مدنظر رکھتے ہوئے خاص طور پر یہ گیم ڈیزائن کیا ہے جو "کھیل کھیل میں" لوگوں کو صحت مند بھی بناتا ہے۔ یہی بات اس گیم پر تبصروں میں بھی کہی جاچکی ہے۔ البتہ بعض ناقدین کو اعتراض ہے کہ ویڈیو گیم سے وزن کم کرنے والی بات نائنٹینڈو والوں نے خود ہی جان بوجھ کر پھیلائی ہے تاکہ اس سے دنیا بھر میں ان کے ویڈیو گیم کی فروخت میں اضافہ ہو۔ تاہم اس ویڈیو گیم کی سیلز رپورٹ اور اس پر کیے گئے غیر جانبدارانہ تبصرے دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اکتوبر 2019 میں لانچ کیا گیا یہ گیم مذکورہ فیس بک پوسٹ سے بہت پہلے ہی مقبول ہوچکا ہے۔ پاکستان میں "نائنٹینڈو فٹ رنگ ایڈونچر" کی قیمت 22 ہزار روپے ہے، جو بیشتر آن لائن اسٹورز سے دستیاب ہے۔

چین کی سادہ لوح دیہاتی لڑکی یوٹیوب سپر اسٹار بن گئی

ان کی تمام ویڈیوز کی سب سے خاص بات یہی ہے کہ ان میں چینی دیہی زندگی کے عام سے پہلو دکھائے گئے ہیں

بیجنگ (مسائل نیوز) لی زیکوئی سے ملیے۔ ان کی عمر 29 سال ہے اور ان کا تعلق چین کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے ہے۔ ان کے اپنے ہی نام سے ایک عدد یوٹیوب چینل بھی ہے جس کے سبسکرائبرز کی تعداد 82 لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہے۔ اگرچہ ان کے چینل پر صرف 100 سے کچھ زیادہ ویڈیوز موجود ہیں لیکن ہر ویڈیو اوسطاً ایک کروڑ مرتبہ دیکھی جاچکی ہے۔ لیکن ٹھہریئے! ان ویڈیوز میں ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا جسے "بہت خاص" قرار دیا جاسکے۔ اس کے برعکس، لی زیکوئی کی ہر ویڈیو میں دیہی چین کی سادہ زندگی کسی نہ کسی پہلو کو صرف چند منٹوں کے دورانیے میں پیش کیا جاتا ہے۔ ان پہلوؤں میں چینی قصبوں اور دیہاتوں میں کیے جانے والے گھریلو قسم کے کام، روزمرہ کے پکوان شامل ہیں جنہیں پکانے کی سادہ اور آسان ترکیبیں بتائی جاتی ہیں۔ بعض ویڈیوز میں دیہاتی لوگوں کے باہمی میل جول سے متعلق مناظر ہوتے ہیں تو کبھی کھیت کھلیان میں کام کرتے کسانوں کے نظارے۔ ایک اڑھ ویڈیو میں لوک چینی دھنیں بھی سنائی دیں گی۔ یہ ویڈیوز اپنی اسی سادگی اور خوبصورتی کی وجہ سے یوٹیوب ناظرین میں اس قدر پسند کی جارہی ہیں کہ چینی حکومت نے لی زیکوئی کو دنیا میں چینی کلچر متعارف کروانے کیلیے اپنا خیر سگالی سفیر (گڈ ول ایمبیسیڈر) مقرر کردیا ہے۔ اس کے بعد سے ان کی کئی ویڈیوز میں انگلش سب ٹائٹلز شامل کردیئے گئے ہیں تاکہ دیگر ممالک میں رہنے والے لوگ بھی لی زیکوئی کے توسط سے چینی تہذیب وتمدن، خاص کر وہاں کی دیہی زندگی کو بہتر طور پر سمجھ سکیں اور چین کے بارے میں ان کی اجنبیت کم ہوسکے۔

ٹانگوں سے محروم 90 سالہ شخص کی کامیاب اسکائی ڈائیونگ

90 سالہ اسٹین رورر نے ٹانگوں سے محرومی کے باوجود ہزاروں فٹ بلندی سے چھلانگ لگا کر دنیا کو حیران کردیا

برکلے، کیلیفورنیا (مسائل نیوز) امریکا میں دونوں ٹانگوں سے محروم 90 سالہ شخص نے ہوائی جہاز سے چھلانگ لگا کر دنیا کو حیران کردیا، اپنی عمر کے 90 سال پورے ہونے پر انہوں نے 13 ہزار فٹ کی بلندی سے جست بھری اور کامیابی سے زمین پر اترے۔ اسٹین رورر ایک عرصے تک ریاضی اور طبعیات پڑھاتے رہے اور اب ریٹائرڈ زندگی گزار رہے ہیں۔ ان کی بیٹی نے ایک روز ان سے کہا کہ وہ بھی ہمت کریں اور ان کے ساتھ ہوائی جہاز سے اسکائی ڈائیونگ کریں۔ اس سوال پر غیر متوقع طور پر اسٹین نے فوری ہاں کہہ دی۔ ان کی بیٹی نے کہا کہ انہوں نے والد سے مذاقاً ایسا کہا تھا لیکن وہ اپنی ہمت کی وجہ سے اس خطرناک کام پر آمادہ ہوگئے۔ ان کی بیٹی کے مطابق اب بھی وہ ٹینس کے بہترین کھلاڑی ہیں اور 80 کی دہائی میں خون کے لوتھڑوں کی وجہ سے دونوں ٹانگوں سے محروم ہوچکے ہیں۔ اس سے قبل وہ موٹر سائیکل کے بہترین ڈرائیور رہے ہیں اور اب وہیل چیئر پر ٹینس کھیل کر نوجوانوں کو بھی شکست دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسٹین چھوٹی کشتی کے ذریعے کشتی رانی کے بھی ماہر ہیں۔ یہ کشتی ان کے لیے خصوصی طور پر ڈیزائن کی گئی ہے جسے اسٹین بہت مہارت سے آگے بڑھاتے ہیں۔ ان کی بیٹی کے مطابق عمر میں ان کے والد کا حوصلہ بہت بلند ہے اور ان کا عزم کئی لوگوں کے لیے جذبہ ابھارنے کی اہم وجہ بھی ہے۔ اسٹین نے ہزاروں فٹ کی بلندی پر زمین پر اترنے کے بعد اس تجربے کو بہت خوبصورت اور ناقابل فراموش قرار دیا ہے۔